

الاسماء الحسنیٰ

درود شریف اور مسنون دعاؤں سے آپ کی مشکلات اور پریشانیوں کا حل

از افادات

حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی تھانوی صاحب نور اللہ مرقدہ

حضرت اقدس مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید رحمۃ اللہ علیہ

مؤلف

حضرت مولانا حافظ فضل الرحیم صاحب مدظلہ العالی

انتساب بنام الف

جس سے یہ پاکیزہ الفاظ شروع ہوتے ہیں

اللہ جل جلالہ

احمد صلی اللہ علیہ وسلم

انبیاء کرام علیہم السلام

اصحاب رسول رضی اللہ عنہم

آئمہ کرام رحمہم اللہ

اولیاء عظام رحمہم اللہ

اکابرین، اساتذہ، آبائی بالخصوص امّی و ابّی

یعنی عظیم ماں اور عظیم باپ کے نام کہ جن کی زندگی کا

ایک ایک لمحہ قربِ الٰہی میں گزرا

قارئین سے اُن کے رفعِ درجات کے لئے دُعا کی درخواست ہے

تقریظ

حضرت اقدس سید نفیس الحسینی شاہ صاحب دامت برکاتہم
نائب امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَحْدَہٗ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ لَّا نَبِیَّ بَعْدَہٗ

زیرِ نظر کتاب ہمارے مخدوم و مکرم مولانا حافظ فضل الرحیم صاحب نائب مہتمم جامعہ اشرفیہ لاہور نے ترتیب دی ہے، ہر صفحہ پر اللہ پاک کا ایک نام اور اسکے ساتھ اسکی خصوصیات، نیز حضور نبی کریم ﷺ کا اسم مبارک اور اس کا ترجمہ درج فرمایا ہے۔ اس کے بعد درود پاک اور اسکے فوائد بعد ازاں مختلف مسنون دعائیں اور ان کے فوائد بالکل آخر میں ایک ایک شعر شامل کیا ہے۔ غرضیکہ ایک ایک صفحہ صحیفۂ زریں ہے۔ ہر شخص کو اپنے وظائف میں شامل کرنا چاہئے۔ انشاء اللہ اس میں ان کو اپنی مشکلات اور مصیبتوں کا حل اور علاج ملے گا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس سے مستفیض فرمائے۔ حضرت مولانا حافظ فضل الرحیم صاحب نے یہ کتاب مرتب کر کے ایک بڑی خدمت سر انجام دی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی عمر میں اور علم و عمل میں برکتیں عطا فرمائے اور ہم سب کے لئے ذخیرۂ آخرت فرمائے۔

اللہ تعالیٰ اپنی مرضیات پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے اور آخرت میں حضور نبی کریم ﷺ کی شفاعت سے سرفراز فرمائے۔ آمین

احقر نفیس الحسینی

۶ رمضان المبارک ۱۴۲۴ ہجری

تقریظ

حضرت مولانا عبد الرحمٰن اشرفی صاحب مدظلہ
شیخ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ

اپنے چھوٹے بھائی عزیزم مولانا حافظ فضل الرحیم سلمہٗ کی تالیف کردہ کتاب "اسماء الحسنٰی، درود شریف اور مسنون دعاؤں سے آپکی مشکلات اور پریشانیوں کا حل" کو دیکھ کر دل خوش ہوا۔ بہت ہی اچھی اور خوبصورت کتاب ہے۔ ہر مسلمان کو اس بات پر یقین کامل رکھنا چاہئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو مسنون دعائیں، درود شریف اور اسماء الحسنٰی بیان فرمائے ہیں وہ حرف بہ حرف صحیح ہیں اور موجودہ دور میں ہماری مشکلات اور پریشانیوں کا حل اسی میں ہے۔ اللہ جل جلالہ ہمیں اس کتاب سے استفادہ کرنے اور عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ایمان کامل نصیب فرمائے۔

آمین، یارب العالمین

۲ رمضان المبارک ۱۴۲۴ ہجری

پسند فرمودہ دُعائیہ کلمات

حضرت مولانا حافظ قاری محمد عبید اللہ صاحب مدظلہ العالی
مہتمم جامعہ اشرفیہ لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دُعاء ہے کہ اللہ جل شانہ ہم سب کو اس کتاب میں بیان فرمودہ، اسماء حسنیٰ، درود شریف اور مسنون دعاؤں کو معمول بنانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

ارشاد

عارف باللہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم

جس طرح خمیرہ مروارید کا پورا فائدہ اس شخص پر مرتب ہوتا ہے جو زہر کھانے سے احتیاط کرتا ہے، اس طرح ان فضائل کا مکمل نفع ان ہی کو ہوتا ہے جو گناہوں سے بچنے کا اہتمام کرتے ہیں اور اگر کبھی احیاناً خطا ہو گئی تو فوراً استغفار و توبہ سے اس کی تلافی کرتے ہیں۔ لہٰذا ان اوراد و وظائف کے نفع کامل کیلئے گناہوں سے بچنے کا اہتمام اشد ضروری ہے۔

عرضِ مؤلّف

زیرِ نظر گلدستہ ''الاسماء الحسنٰی، درود شریف اور مسنون دعاؤں سے آپ کی مشکلات اور پریشانیوں کا حل'' کی ترتیب وتالیف عرصہ سے ذہن میں مرتب ہو رہی تھی لیکن جامعہ اشرفیہ لاہور میں کوشش کے باوجود زیورِ تحریر سے آراستہ کرنے کی کوئی صورت نہ بن سکی۔ اس دوران اسلام آباد میں وفاق المدارس العربیہ کی نصاب کمیٹی کے اجلاس میں حاضری ہوئی اور برخوردار حافظ زبیر حسن سلمہٗ کی کوشش اور اصرار پر مری میں آمد ہوگئی۔ قربِ مری جھیکا گلی میں رہائش کا انتظام ہوا خداوند کریم جناب محمد عثمان پراچہ صاحب اور ان کے اہل وعیال کو دونوں جہانوں میں خوش وخرم رکھے کہ میری کمزوری اور بیماری کے باعث موصوف نے اپنے بہت مہربان دوست جناب سید گلزار احمد شاہ صاحب اور جناب جاوید صاحب کے بہت آرام دہ خوبصورت اور پرسکون ماحول میں اپنی آرام دہ جگہ میں رہائش کا نظم فرما دیا اور ان کے اہل وعیال نے مجھے گھر سے زیادہ راحت پہنچائی الحمدللہ یہاں فرصت مل گئی، جہاں نہ فون کی آمد نہ ملاقات، غرض مکمل سہولت اس گھر میں میسر آ گئی اور بفضلہٖ تعالیٰ کتاب کی ترتیب مکمل ہوگئی۔

اس سارے کام کو آسان اور مرتب کرنے میں جو سہولت عزیزم مولوی فیصل اقبال سلمہٗ، فاضل جامعہ اشرفیہ نے مہیا کی اس نے ترتیب کو آسان کر دیا۔

فجزاہُ اللّٰہ خیرا

ناسپاسی ہوگی اگر حاجی شعیب صاحب مدظلہ اور صاحبزادہ حافظ قاسم سلمہ، کا ذکر نہ کروں کہ اس کتاب کی تالیف میں حاجی صاحب کے گھر میں آرام وسکون کا بڑا دخل ہے موصوف نے سنی بنک Sunny Bank کی جامع مسجد میں جمعہ پڑھانے کی دعوت دی اور گھر پر لے آئے اور لکھنے کی تکمیل کی سعادت اس گھر میں حاصل ہوئی اللہ جل شانہ حاجی شعیب صاحب اور تمام اہل وعیال کو دارین کی سعادتیں نصیب فرمائے۔ موصوف کا گھر حقیقت میں علماء کرام کا مہمان خانہ ہے۔ نیز اس کتاب کو خوبصورت گلدستہ بنانے میں اور اس کی اشاعت وطباعت اور ڈیزائننگ میں عزیزم مولوی محمد قاسم ضیاء فاضل جامعہ اشرفیہ و مدیر ادارۃ القاسم لاہور کی خصوصی کاوش ومحنت کا بڑا دخل ہے۔

میں یہاں پر اپنے برادرِ عزیز مولانا محمد یوسف خان صاحب اسسٹنٹ پروفیسر اور اُستاذ الحدیث جامعہ اشرفیہ کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں، مولانا مذکور نے ابتداء تا انتہاء اس کتاب کی ترتیب میں اپنی قیمتی آراء اور مشوروں سے نوازا۔

قارئین کرام سے ان کے لئے اور تمام معاونین کے لئے دعا کی درخواست ہے اور التماس ہے کہ اگر کوئی اس میں کوتاہی نظر آئے تو مطلع فرما کر احسان فرماویں اور ان دعاؤں کے پڑھتے وقت احقر اور اہل عیال کے حسن خاتمہ وعافیت دارین کے لئے دعا کی درخواست ہے۔ فجزاکم اللہ احسن الجزاء

محتاجِ دعا

حافظ فضل الرحیم عفی عنہ

جامعہ اشرفیہ لاہور



دعاؤں اور وظائف کی قبولیت کے آداب

اللہ کے فضل و کرم سے یہ تحفہ ایک ''خوبصورت گلدستہ'' کی شکل میں آپ کے سامنے ہے مجھے امید ہے کہ اگر اسے آداب کا خیال رکھ کر پڑھا جائے گا تو یقیناً اس میں خیر و بھلائی ہوگی۔ میں سب سے پہلے اپنے معاشرے میں اُن پھیلی ہوئی کتابوں کے بارے میں متنبہ کرنا چاہتا ہوں کہ جن میں غیر مستند، من گھڑت اور بعض وظیفوں میں تو غیر شرعی بلکہ شرکیہ کلمات تک پائے جاتے ہیں جن کا قرآن وحدیث سے دور کا بھی تعلق نہیں ہے خدارا اس سے پرہیز کریں اور میری گزارش ہے کہ وظیفہ پڑھنے سے پہلے کسی مستند عالم دین سے مشورہ ضرور کرلیا کریں۔

قربان جائیں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ آپ نے ہر موقع ومحل کی دعائیں ہمیں سکھلائیں، وائے افسوس کہ ان مسنون دعاؤں کو چھوڑ کر غیر شرعی وظیفوں کو معمول بنایا جائے۔ غور کیجئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمائی ہوئی دعائیں وظائف اور ان کی برکات کا کس قدر نفع ہوگا، اے اللہ صحیح سمجھ عطا فرما۔

میں نے اپنی اس کتاب میں قرآن وحدیث اور مشائخ و بزرگوں کے تجربات کو سامنے رکھ کر اسمائے حسنیٰ، درود شریف اور مسنون دعاؤں کو ترتیب دیا ہے خصوصاً اسماء حسنیٰ میں حکیم الامت حضرت تھانوی سے استفادہ کیا ہے اور درود شریف میں ''ذریعة الوصول الی جناب رسول'' (مؤلفہ) علامہ مخدوم محمد ھاشم

سندھی رحمہ اللہ (مترجم) حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید رحمہ اللہ سے استفادہ کیا ہے یہ اکابر کے مجربات ہیں ان کی قدر کیجئے اور غیر مستند، غیر شرعی اور من گھڑت اوراد و وظائف سے اپنے آپ کو اور اپنے احباب کو بچائیں۔ مجھے امید ہے کہ اس کتاب میں آپ کی جملہ مشکلات مصائب اور مسائل خواہ ان کا تعلق رزق و روزی سے ہو یا ان کا تعلق اہل و عیال، بیوی بچوں کے دین و دنیا کے مسائل سے ہو اس کتاب میں آپ کو انکا شرعی حل ملے گا۔ بشرطیکہ درج ذیل آداب کو ملحوظ رکھا جائے اور یہ آداب بھی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بیان فرمائے ہیں نیز مشائخ اور بزرگوں نے اپنے اپنے تجربات کی روشنی میں اس کی مزید وضاحت فرمادی ہے۔ ان آداب کی مثال ایسے ہی ہے جیسے نماز کے لئے وضو۔



آداب

گناہوں سے بچنا

گناہ کی خاصیت یہ ہے کہ وہ اللہ کی رحمت کو دور کرتا ہے اور خدا سے دوری ہوتی ہے اور شیطان کا قرب ہوتا ہے، گناہ کرے اور خدا کی رحمت دور نہ ہو یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ آگ جلے اور تپش نہ ہو۔

دعا کے لئے اخلاص و توجہ کا ہونا

دل و دماغ میں حضوری کی کیفیت پیدا کر کے اللہ کی بارگاہ میں سوال کیجئے اور اس یقین سے کیجئے کہ طاقت کا سرچشمہ صرف اور صرف اللہ کی ذات ہے اور یہ بھی یقین کر لیجئے کہ دعا ہر صورت قبول ہوگی کم از کم ہر دعاء کے نتیجہ میں قرب الٰہی ہوگا، آخرت میں ذخیرہ بن جائیگی، بلائیں اور مصیبتیں ٹل جائیں گی

استغفار اور توبہ

اللہ جل شانہ سے بار بار اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہوئے گناہوں سے بچنے کی پوری کوشش کیجئے اور پھر اللہ جل شانہ سے مدد اور توفیق مانگئے۔

آخر میں ان کیفیات کو پیدا کرنے کے لئے پاک وصاف ہو کر، خوشبو لگا کر اگر ہو سکے تو قبلہ رو ہو کر تنہائی میں بیٹھ کر اس طرح مانگے جس طرح ایک سائل ایک سخی کے در پر آ کر درخواست کرتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے غافل دل سے مانگی ہوئی دعاء قبول نہ ہوگی۔ اللہ جل شانہ ہمیں صحیح سمجھ عطا فرمائیں اور ان مسنون دعاؤں کو آداب وشرائط کے ساتھ مانگنے کی توفیق نصیب فرمائیں آمین۔

ضروری گذارش

یہ بات ذہن نشین کر لیجئے کہ اس کتاب کے اوراد و وظائف کی قبولیت کا دارو مدار صرف اللہ جل شانہ کی مرضی پر ہے موثر حقیقی تو صرف اسی وحدہ لاشریک کی ذات ہے۔ ہم اللہ اور اسکے رسول ﷺ کی تابعداری کرتے ہوئے سبب کے درجہ میں دعائیں پڑھتے ہیں اور درخواست کرتے ہیں کہ پروردگار عالم ہماری ساری دعاؤں کو قبول فرما۔ آمین

حسنِ ترتیب

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۱	سب سے افضل اسم الٰہی	17
	سب سے افضل واکمل درود شریف	
	جامع ترین دعا	
۲	دل کی غفلت دور ہو	18
	ہر کام میں دل جمعی نصیب ہو	
	اطمینان قلب کے لئے	
۳	تمام لوگ اس پر مہربان ہوں	19
	لوگوں میں ہر دل عزیز ہونے کے لئے	
	نیک لوگوں کی رفاقت حاصل کرنے کے لئے	
۴	مجلس میں عزت حاصل ہو	20
	مجالس میں عزت پائے	
	ہر مجلس کے آخر میں پڑھے	
۵	دشمن کی دوستی اور دل کی پاکیزگی کے لئے	21
	دشمن مغلوب ہو جائے	
	جب کسی دشمن کا خوف ہو	
۶	سلامتی اور امن کے حصول کے لئے	22
	امن وسکون اور چین نصیب ہو	
	امن کے حصول کی دعا	
۷	خوف سے امن	23
	خوف سے نجات	
	انجانے خوف سے حفاظت	
۸	بلند ہمتی حاصل ہو	24
	اسباب خیر کی ہمت عطاء ہو	
	بلند ہمت اور حوصلہ نصیب ہوگا	
۹	محتاجی سے نجات حاصل ہو	25
	بارگاہ الٰہی سے احتیاج کا پورا ہونا	
	محتاجی سے نجات حاصل کرنے کے لئے مسنون دعا	
۱۰	ظالموں کے شر سے حفاظت ہوگی	26
	کسی ظالم کے شر سے نقصان نہ پہنچے	
	ظالموں کے ظلم سے بچنے کے لئے مجرب دعا	
۱۱	بزرگی شرافت اور برکت کے حصول کے لئے	27
	تزکیہ نفس اور حصول شرافت کے لئے	
	بزرگی، شرافت اور وقار نصیب ہوگا	
۱۲	تمام آفات سے سلامتی کے لئے	28
	تمام آفات سے حفاظت رہے گی	
	آفات وبلیات سے حفاظت کے لئے	
۱۳	قبر جنت کا باغیچہ بن جائے	29
	قبر میں جنت کا باغ نصیب ہو	
	عذاب قبر سے پناہ کی دعا	
۱۴	انشاءاللہ بیٹا نصیب ہوگا	30
	نیک صالح اولاد نصیب ہوگی	
	نرینہ اولاد کے حصول کے لیے دعا	

حسنِ ترتیب

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۱۵	مغفرت کے آثار پیدا ہوں	31
	اللہ تعالیٰ نے مغفرت فرمادی	
	مغفرت طلب کرنے کے لئے	
۱۶	برائے دفع سحر	32
	سحر کا اثر زائل ہو	
	جادو کا مسنون علاج	
۱۷	تمام مقاصد پورے ہوں	33
	اللہ تعالیٰ ہر مقصد پورا فرمائیں گے	
	ہر مقصد وحاجت میں پوری کامیابی ہو	
۱۸	رزق میں فراخی حاصل ہوگی	34
	رزق میں برکت نصیب ہو	
	حضور ﷺ کے فرمان کے مطابق فقروفاقہ کا علاج	
۱۹	تمام امور میں آسانی نصیب ہو	35
	دشواری میں آسانی پیدا ہو	
	مشکل کام آسان ہوجائے	
۲۰	حافظہ قوی ہوگا	36
	بچوں ، بڑوں کا ذہن تیز ہوجائے	
	قوت حافظہ بڑھانے کیلئے	
۲۱	حرام مال وسود سے حفاظت کے لئے	37
	حلال روزی میں برکت اور وسعت کے لئے	
	روزی کی تنگی سے حفاظت کے لئے	
۲۲	بے روزگاری سے نجات کیلئے	38
	غربت اور بے روزگاری سے نجات کے لئے	
	اچھا روزگار نصیب ہو	
۲۳	ضروریات وحاجات کا پورا ہونا	39
	تمام ضروریات پوری ہوں	
	تمام حاجات کے حل کیلئے	
۲۴	ظالموں سے امن وسلامتی نصیب ہو	40
	ظالم حکمرانوں سے حفاظت کے لئے	
	ہر قسم کے ظلم سے امن نصیب ہو	
۲۵	لوگوں کے دلوں میں عظمت بیٹھ جائے	41
	رعب اور دبدبہ نصیب ہو	
	لوگوں کے قلوب میں رعب بیٹھ جائے	
۲۶	حاسد کے حسد سے حفاظت کے لئے	42
	حاسدین کا حسد پورا نہ ہو	
	حاسدین کے حسد اور شر سے نقصان نہ پہنچے	
۲۷	بارگاہ الٰہی سے دعا رد نہ ہو	43
	سب سے بہتر دعا اور سوال کے لئے	
	قبولیت دعا کے لئے مقبول قرآنی دعا	
۲۸	اللہ تعالیٰ کی محبت نصیب ہو	44
	قرب الٰہی اور حصول محبت الٰہی کیلئے	
	حصول محبت الٰہی کیلئے مسنون دعا	

حسنِ ترتیب

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۲۹	دل سرچشمہ ہدایت بن جائے	45
	دل کی کدورتیں ختم ہوں	
	فاسد خیالات اور نفسانی خواہشات سے حفاظت کیلئے	
۳۰	مخلوق کے قلوب مسخر ہو جائیں	46
	لوگوں کی تسخیر اور محبت کیلئے	
	لوگوں کے دل مسخر کرنے کیلئے	
۳۱	بچی کیلئے نیک رشتہ نصیب ہو	47
	پاکیزہ رشتے کی تلاش میں کامیابی کیلئے	
	اچھا رشتہ ملنے کی دعا	
۳۲	بری عادات سے نجات کیلئے	48
	بری عادات چھوڑنے کا مجرب عمل	
	بری عادات سے چھٹکارے کی دعاء	
۳۳	فصل کو آفات سے حفاظت ہو	49
	زراعت و باغات کو بیماریوں سے بچانے کیلئے	
	آسمانی و زمینی بلاؤں سے حفاظت کیلئے	
۳۴	دنیا کی نظر میں عظمت نصیب ہو	50
	لوگ تعظیم کرنے لگیں	
	عظمت اور جاہ و مرتبہ حاصل ہو	
۳۵	بخار دور کرنے کے لئے	51
	ٹائیفیڈ اور پرانے بخاروں کیلئے	
	بخار اور سر درد کے لئے	

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۳۶	آنکھوں کی تکالیف سے نجات کیلئے	52
	تاریکئی بصر دور کرنے کیلئے درود شریف	
	آنکھوں کی وبائی امراض سے نجات کیلئے	
۳۷	صحیح عقیدہ نصیب ہو	53
	جہالت و گمراہی سے نجات ملے	
	ہدایت اور تقویٰ کے حصول کیلئے	
۳۸	عزت و شہرت حاصل ہو	54
	قدر و منزلت نصیب ہو	
	عزت و مقام نصیب ہو	
۳۹	نظر بد سے حفاظت رہے	55
	نظر بد سے عافیت کے لئے	
	نظر بد سے حفاظت کے لئے	
۴۰	بچہ کھانا پینا چھوڑ دے اور روئے	56
	جو بچہ ماں کا دودھ نہ پیئے	
	جو بچہ ہر وقت روتا رہے	
۴۱	نیند میں ڈر جانے والے کے لئے	57
	تنہا لیٹنے والے کو اگر خوف لاحق ہو	
	سوتے میں برا خواب دیکھنے پر عمل	
۴۲	عظیم قدر و منزلت نصیب ہو	58
	تعظیم و تکریم حاصل ہو	
	عزت و منزلت حاصل ہو	

حسنِ ترتیب

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۴۳	دین و دنیا میں فلاح نصیب ہو	59
	دنیا و آخرت کی بھلائیاں نصیب ہوں	
	دنیا آخرت میں اچھائی ملے	
۴۴	اہل و عیال کی حفاظت کے لئے	60
	اہل و عیال کی غائبانہ حفاظت ہو	
	اہل و عیال، مال و متاع کی حفاظت کیلئے	
۴۵	دعا جلد قبول ہو جائے	61
	سوال اور دعا کا سب سے بہتر اور مبارک طریقہ	
	دعا کی قبولیت کے لئے عمل	
۴۶	آمدنی میں اضافے کے لئے	62
	حلال مال میں اضافے کیلئے درود شریف	
	خوشحالی نصیب ہو، تنگدستی دور ہو	
۴۷	امتحانات میں کامیابی نصیب ہو	63
	امتحان اور انٹرویو میں کامیابی کیلئے	
	ہر قسم کے امتحان میں کامیابی حاصل ہو	
۴۸	محبت بڑھانے کے لئے عمل	64
	حصول محبت کے لئے پاکیزہ عمل	
	محبت میں کامیابی کے لئے عمل	
۴۹	جلدی امراض سے نجات کے لئے	65
	جلد کی مہلک بیماریوں کیلئے درود شریف	
	برص، جنون اور کوڑھ سے حفاظت کی دعا	
۵۰	دل کے دورہ سے بچنے کیلئے	66
	دل کے بند وال کھل جائیں	
	جملہ امراض قلب کیلئے	
۵۱	اولاد و بیوی کی فرمانبرداری کیلئے	67
	اولاد فرمانبردار اور تابعدار رہو	
	گھر والوں کی نیک بختی کے لئے	
۵۲	گمشدہ کی تلاش کا عمل	68
	کھوئی ہوئی چیز مل جائے	
	جب کوئی چیز گم ہو جائے	
۵۳	حادثات سے حفاظت کیلئے	69
	حادثہ سے بچاؤ کے لئے درود شریف	
	حادثات سے بچنے کی مسنون دعا	
۵۴	سستی کاہلی دفع کرنے کیلئے	70
	سستی اور کاہلی ختم ہو جائے	
	جسمانی کمزوری سے نجات کی دعا	
۵۵	ماں کا دودھ بڑھ جائے	71
	ماں کے دودھ میں برکت کیلئے	
	دودھ کی کمی ختم ہو جائے	
۵۶	نافرمان بیوی کے لئے عمل	72
	بدمزاج بیوی خوش مزاج بن جائے	
	زوجہ سے خوشگوار تعلقات کے لئے	

حسنِ ترتیب

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۵۷	فحش گوئی سے نجات کیلئے	73
	بہترین اخلاق وخصائل کے حصول کے لئے	
	فحش گوئی سے بچنے کی مسنون دعا	
۵۸	عذاب قبر سے نجات کیلئے	74
	قبر سے جنت تک آسانی ہو	
	قیامت کی رسوائی سے بچنے کی دعاء	
۵۹	اسقاط حمل سے حفاظت رہے	75
	حفاظت حمل کے لئے درود شریف	
	اسقاط حمل سے بچنے کی دعا	
۶۰	بھاگے ہوئے شخص کی واپسی کیلئے	76
	گم شدہ شخص واپس آجائے	
	گھر سے غائب ہونے والے فرد کیلئے	
۶۱	فالج وعرق النساء کے درد کیلئے	77
	ہر قسم کے درد، فالج اور جملہ امراض کیلئے	
	چار بلاؤں سے حفاظت کیلئے	
۶۲	سرکش نفس پر قابو پانے کیلئے	78
	نفس کو مغلوب کرنے کیلئے درود شریف	
	نفس کے فتنہ سے حفاظت کیلئے	
۶۳	کینسر اور ہیپاٹائٹس کیلئے	79
	مہلک امراض سے چھٹکارے کیلئے درود پاک	
	ہر موذی مرض سے نجات کیلئے	
۶۴	ڈپریشن سے نجات کے لئے	80
	ذہنی سکون کی نعمت حاصل ہو	
	ذہنی خلفشار کو دور کرنے کیلئے	
۶۵	تقویت اور نورانیت قلب کیلئے	81
	دل میں پختگی ایمان حاصل ہو	
	ہدایت کی بقاء اور گمراہی سے بچنے کیلئے دعا	
۶۶	عمل کی مقبولیت کے لئے	82
	اعمال کو نکھارنے اور مقبول بنانے کیلئے	
	قبولیت عبادت کے لئے دعا	
۶۷	نیند نہ آنا	83
	تنہائی میں ڈرنا اور بدخوابی کا شکار ہونا	
	رات کی بے چینی سے بچنے کی دعاء	
۶۸	قرض کی ادائیگی کے لئے	84
	قرض سے نجات کے لئے درود شریف	
	ادائیگی قرض کی نبوی دعاء	
۶۹	ناجائز مقدمات سے نجات ملے	85
	ناحق مقدمے سے نجات کے لئے	
	مقدمات میں کامیابی کیلئے دعا	
۷۰	قید وبند سے رہائی کے لئے	86
	جیل اور قید سے رہائی کیلئے	
	رہائی کیلئے حضرت جبرائیلؑ کی بتلائی ہوئی دعاء	

حسنِ ترتیب

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۷۱	جنگ میں استقامت نصیب ہو	87
	دشمنوں پر حملہ کرتے وقت پڑھیے	
	دشمنانِ اسلام پر فتح حاصل ہو	
۷۲	غصہ کو ختم کرنے کے لئے	88
	بے جا غصہ سے بچنے کے لئے	
	غصہ دفع کرنے کی دعا	
۷۳	مسافر کی واپسی بخیر و عافیت ہو	89
	بحفاظت منزل مقصود پر پہنچ جائیں	
	سفر کی مسنون دعا	
۷۴	خاتمہ بالخیر کے لئے	90
	خاتمہ بالایمان نصیب ہو	
	حسن خاتمہ کے لئے مسنون دعا	
۷۵	ضعفِ بصر کو رفع کرنے کیلئے	91
	نظر کی کمزوری دور ہو جائے	
	بینائی حاصل کرنے کی دعا	
۷۶	ہر چیز کی حقیقت کھل جائے	92
	صحیح و غلط میں فرق محسوس ہو	
	کام کی درست سمت کا الہام ہوگا	
۷۷	گھر تمام آفتوں سے محفوظ رہے	93
	گھر کی حفاظت کے لئے	
	عافیت برائے اہل و عیال و مال و متاع	
۷۸	نسوانی امراض سے نجات کیلئے	94
	جملہ امراض نسوانی کیلئے درود شریف	
	عورتوں کے جملہ امراض کے لئے	
۷۹	شراب نوشی اور زنا کاری سے نجات پائے	95
	نشہ آور اشیاء زنا کاری اور جوئے سے نجات ہو	
	نشہ آور اشیاء اور نفسانی خواہشات سے بچنے کیلئے	
۸۰	توبہ قبول ہو	96
	تمام عمر کے گناہ معاف ہو جائیں	
	بخشش اور توبہ کے لئے مسنون دعا	
۸۱	دشمن سے خود انتقام نہ لے سکے	97
	دشمن کی ہلاکت و بربادی کیلئے	
	ظالم حکمرانوں اور دشمنوں سے نجات کیلئے	
۸۲	خوشی اور راحت میسر ہو	98
	چین، سکون، خوشی اور راحت نصیب ہو	
	گھر بار میں راحت، سکون اور خوشی میسر آئے	
۸۳	سفارش قبول ہو	99
	اگر کسی کی سفارش کرنی پڑے	
	اگر کسی کی سفارش کرے تو قبول ہو	
۸۴	کاروبار میں ترقی کے لئے	100
	تجارت میں عروج نصیب ہو	
	تجارت میں برکت کیلئے عمل	

حسنِ ترتیب

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۸۵	ملازمت اور عہدے میں ترقی کیلئے	101
	ملازمت میں آسانی نصیب ہو	
	ملازمت اور عہدے میں بھلائی نصیب ہو	
۸۶	شیطان کے شر سے حفاظت کیلئے	102
	شیطان و نفس مغلوب ہو جائیں	
	ابلیس اور اسکے لشکر سے حفاظت کی دعا	
۸۷	گھریلو جھگڑوں سے نجات کیلئے	103
	گھریلو جھگڑوں اور ناچاقیوں سے حفاظت ہو	
۸۸	مال دار ہونے کے لئے	104
	ہر قسم کی مالی ترقی کے لئے	
	مالی فراوانی کے لئے	
۸۹	بیوی کی محبت حاصل کرنے کیلئے	105
	بیوی کی فرمانبرداری اور حصولِ محبت کیلئے	
	بیوی سے محبت بڑھانے کیلئے	
۹۰	خاوند کو راضی کرنے کے لئے	106
	خاوند کی محبت حاصل کرنے کیلئے	
	میاں سے محبت بڑھانے کے لئے	
۹۱	ہر قسم کے نقصان سے حفاظت کیلئے	107
	ہر قسم کے ضرر اور نقصان سے حفاظت کیلئے	
	تمام نقصان دہ اشیاء سے حفاظت کیلئے	
۹۲	جہاز صحیح وسلامت منزل پر پہنچ جائے	108
	جہاز کو حادثے سے بچانے کیلئے درود شریف	
	جہاز اور کشتی میں سوار ہونیکی مسنون دعا	
۹۳	دردِ معدہ اور جملہ امراضِ شکم کیلئے	109
	پیٹ درد کے لئے درود شریف	
	تمام اندرونی بیماریوں کیلئے مسنون دعا	
۹۴	حکمران پڑھیں غیب سے راہنمائی ملے	110
	تمام امور با آسانی حل ہو جائیں	
	اہم معاملہ پیش آنے پر حضرت عمرؓ کا عمل	
۹۵	تمام مشکلات آسان ہوں	111
	مشکلات دور ہوں آسانیاں میسر ہوں	
	ہر مشکل کی آسانی کے لئے	
۹۶	غم ورنج سے خلاصی نصیب ہو	112
	غم ورنج سے خلاصی اور سکون کیلئے	
	غم ورنج سے محفوظ رہنے کی مسنون دعا	
۹۷	لمبی عمر نصیب ہو	113
	عمر میں برکت کے لئے	
	عمر صحت وعافیت اور برکت کی دعا	
۹۸	اچھے برے میں تمیز ہو جائے	114
	صحیح وغلط میں فرق محسوس ہو جائے	
	مختصر دعائے استخارہ	
۹۹	سخت مصیبت میں گرفتار افراد کیلئے	115
	سختی اور مصیبت کے وقت	
	سخت مصیبت پہنچنے پر	

سب سے افضل اسم الٰہی

جو شخص جمعہ کے دن ۲۰۰ مرتبہ یَا اَللّٰہُ پڑھے گا اس کی ہر مشکل آسان ہو گی اور ہر قسم کے مرض سے صحت پائے گا۔

۱ سب سے افضل و اکمل درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: اصحاب صحاح ستہ نے کعب بن عمرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ درود شریف کے یہی الفاظ صحیح سے صحیح تر ہیں اور اکمل و افضل ہیں۔ پس چاہیے کہ نماز اور غیر نماز میں اس کی پابندی کی جائے۔

جامع ترین دُعا

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۞

فائدہ: یہ دعا دنیا و آخرت کے تمام مقاصد کے لیے سب سے جامع ہے۔

دل کی غفلت دور ہو

کثرت سے یَا رَحْمٰنُ پڑھنے سے دل کی غفلت دور ہو گی اور ناپسندیدہ کاموں سے محفوظ رہیگا۔ حیا، رحمدلی اور مسکنت پیدا ہوگی۔

الرَّحْمٰنُ جل جلالہ
(نہایت رحم کرنے والا)

اَحْمَدُ ﷺ
(سب سے زیادہ حمد کرنیوالا)

۲

ہر کام میں دل جمعی نصیب ہو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَ كُلَّمَا سَهٰى عَنْهُ الْغَافِلُوْنَ وَ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ ۞ (ذریعة الوصول)

فائدہ: جو شخص نمازِ فجر کے بعد ۱۰۰ مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر اپنے کاموں میں مشغول ہو۔ اُسے پورے دن میں خیر و برکت اور دینی و دنیوی دل جمعی نصیب ہو گی۔ اور اسکا کوئی کام ضائع نہیں ہو گا انشاء اللہ۔

اطمنانِ قلب کے لئے

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَيَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ۞ (القرآن)

فائدہ: جب کسی مسئلے میں اطمنان نہ ہو رہا ہو تو یہ دُعا پڑھنی چاہیے۔

الرَّحِيْمُ جل جلالہ
بڑا مہربان

تمام لوگ اس پر مہربان ہوں

روزانہ ۱۰۰ مرتبہ یَا رَحِیْمُ پڑھنے سے تمام مخلوق مہربان ہوتی ہے۔ دل میں رقت اور شفقت پیدا ہوتی ہے۔

حامد صلی اللہ علیہ وسلم
سب سے زیادہ حمد کرنے والا

۳

لوگوں میں ہر دل عزیز ہونے کے لیے پاک عمل

صَلَوَاتُ اللهِ وَ مَلَآئِكَتِهٖ وَ اَنْبِيَآئِهٖ وَ رُسُلِهٖ وَجَمِيْعِ خَلْقِهٖ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلَيْهِ وَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَ رَحْمَةُ اللهِ وَ بَرَكَاتُهٗ ۞ (ذریعة الوصول)

فائدہ: حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا ہے کہ جو شخص درج بالا درود روزانہ ۳ مرتبہ اور جمعہ کے دن ۱۰۰ مرتبہ پڑھا کرے، بے شک اس پر تمام خلائق رحمت بھیجے گی۔

نیک لوگوں کی رفاقت حاصل کرنے کے لئے

رَبِّ نَجِّنِیْ وَ اَهْلِیْ مِمَّا یَعْمَلُوْنَ ۞ (القرآن)

فائدہ: جب کوئی چاہے کہ بُرے لوگوں کی صحبت سے نجات ملے اور نیک لوگوں کی رفاقت نصیب ہو تو یہ دُعا پڑھے۔

مجلس میں عزت حاصل ہو

زوال کے وقت ۱۲۰ بار یا مَلِکُ پڑھنے سے دل کی صفائی اور مجلس میں عزت حاصل ہوتی ہے روزانہ ۹۰ بار پڑھنے سے روشن ضمیری اور مالداری حاصل ہوتی ہے

اَلْمَلِكُ جل جلالہ
(بادشاہ شہنشاہ حقیقی)

مَحْمُوْدٌ ﷺ
بہت تعریف کیا گیا

۴

مجالس میں عزت پائے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِيْ اَوَّلِ كَلَامِنَا وَاَوْسَطِهٖ وَاٰخِرِهٖ ۞ (ذریعة الوصول)

فائدہ: اگر مجلس میں بیٹھنے اور اٹھنے کے وقت ۳ بار یہ درود شریف پڑھا جائے تو اس مجلس میں جو لایعنی بات ہوئی ہوگی اس درود پاک کی برکت سے معاف ہو جائیگی اور مجلس میں عزت نصیب ہوگی۔

ہر مجلس کے آخر میں پڑھے

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ ۞ (ابن السنی ص ۱۲۰)

فائدہ: جب کسی مجلس میں دیر تک باتیں کی گئی ہوں تو آخر میں یہ کلمات کہہ لینے چاہئیں اللہ تعالیٰ فضول باتوں کی معافی فرمادیں گے۔

مجلس میں لوگوں کی گردنوں کو پھلانگ کر گزرنا خلاف سنت ہے۔

القدوس جل جلالہٗ
تمام عیبوں سے پاک

دشمن کی دوستی اور دل کی پاکیزگی کیلئے

۳۱۷ مرتبہ یَا قُدُّوْسُ مٹھائی پر دم کر کے دشمن کو کھلانے سے دشمن دوست بن جائے۔

قاسم جل جلالہٗ
بانٹنے والا

۵

دشمن مغلوب ہو جائے

صَلَّی اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَبِحَمْدِهٖ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِهٖ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ ۞ (ذريعة الوصول)

فائدہ: جو شخص ہر فرض نماز کے بعد اس درود شریف کا ۷ بار ورد کرے تو کوئی دشمن اس کے مقابلے میں کامیاب نہ ہو مثلاً جن وانس، نفس و شیطان وغیرہ

جب کسی دشمن کا خوف ہو

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ ۞ (ابن السنی ص ۸۹)

فائدہ: جب کسی دشمن کی طرف سے تکلیف پہنچنے کا اندیشہ ہو تو یہ دعا پڑھیں۔

خوف کے وقت یہ تصور کرنا کہ "یا اللہ آپ ہی میرے رب ہیں" سنت ہے۔

سلامتی اور اَمن کے حصول کے لیے

مریض کے سرہانے اونچی آواز سے ۱۳۶ مرتبہ یَاسَلَامُ پڑھ کر دم کرنے سے شفاء نصیب ہوتی ہے

جل جلالہ
اَلسَّلَامُ
سلامتی والا

٦

ﷺ
عاقب
پیچھے آنے والا

اَمن وسکون اور چین نصیب ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ عَلَیْہِ السَّلَامُ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: جو مسلمان جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ اس درود پاک کو پڑھے گا اس کے گھر میں اَمن وسکون اور چین حاصل ہوگا۔

اَمن کے حصول کی دُعا

رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیْنَآ اَوْ اَنْ یَّطْغٰی ۞ (القرآن)

فائدہ: جب دشمن وغیرہ سے خوف ہو اور سلامتی واَمن کی تلاش ہو تو یہ دُعا پڑھنی چاہیے۔

المؤمن جل جلالہ
امن دینے والا

خوف سے امن

اگر خوف زدہ شخص ۳۶ بار
یَا مُؤْمِنُ کا ورد کرے گا اس
کے مال و جان کی حفاظت ہوگی

فاتح جل جلالہ
کھولنے والا

7

خوف سے نجات

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی
اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْہِ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: علامہ مخدوم محمد ہاشم سندھیؒ اس درود شریف کے متعلق فرماتے ہیں کہ ہر قسم کے خوف سے نجات دلاتا ہے اور اسکا تجربہ بھی ہوا جسکے بعد صبح و شام پابندی کے ساتھ اس درود شریف کا ورد رکھتا ہوں۔

انجانے خوف سے حفاظت

اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا ۞ (حصن حصین)

فائدہ: جب کسی انجانے دشمن یا تکلیف پہنچانے والے کا خوف ہو تو یہ دُعا کی جائے۔

دوسروں کا خیال رکھنے والا کبھی خوف میں مبتلا نہیں ہوتا۔

بُلند ہمتی حاصل ہو

دو رکعت پڑھ کر ۱۰۰ مرتبہ یَامُهَیْمِنُ خلوت میں پڑھنے سے بُلند ہمتی پیدا ہوتی ہے۔

اَلْمُهَیْمِنُ جل جلالہ
بہت نگہبانی کرنے والا

شَاهِدُ جل جلالہ
گواہی دینے والا

۸

اسبابِ خیر کی ہمت عطاء ہو

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: جو شخص صبح وشام اس درود پاک کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اُسے اسباب خیر کی ہمت اور توفیق عطا فرمائیں گے۔

بُلند ہمت اور حوصلہ نصیب ہو گا

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ۞ (القرآن)

فائدہ: جب کوئی آدمی کسی مشکل میں گھرا ہوا ہو یا اُسے کوئی پریشانی اور گھبراہٹ درپیش ہو تو یہ دُعا مانگے انشاءاللہ گھبراہٹ ختم ہو گی۔

پاکیزہ زندگی گزارنے سے بلندیٔ درجات اور بلند ہمتی نصیب ہوتی ہے

العزیز جل جلالہ
سب پہ غالب آنے والا

محتاجی سے نجات حاصل ہو

چالیس دن تک روزانہ ۱۴۱ بار
یَا عَزِیْزُ پڑھنے سے
کسی مخلوق کا محتاج نہ رہے گا

حاشر ﷺ
اٹھانے والا

۹

بارگاہِ الٰہی سے احتیاج کا پورا ہونا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْکِتَابِ الْعَزِیْزِ وَحَامِلِ الْفُرْقَانِ الْمَجِیْدِ ۞ (ذریعة الوصول)

فائدہ: اس درود شریف کا احتیاج کے وقت پڑھنا انتہائی مجرب ہے بہت سے اکابر نے محتاجگی کے وقت پڑھا اور فوائد کا مشاہدہ کیا۔

محتاجی سے نجات حاصل کرنے کے لیے مسنون دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْفَقْرِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْقِلَّةِ وَالذِّلَّةِ وَاَعُوْذُبِکَ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ ۞

فائدہ: محتاجی اور ذلت سے پناہ مانگنے کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس دعا کو پڑھا کرتے تھے۔

ظالموں کے شر سے حفاظت ہوگی

صبح وشام ۲۱۶ مرتبہ یا جبّارُ پڑھنے سے بندہ ظالموں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

اَلْجَبَّارُ جل جلالہ
بگڑے کا سنوارنے والا

رَشِیْدُ جل جلالہ
نیک

۱۰ کسی ظالم کے شر سے نقصان نہ پہنچے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْفَرْقِ وَالْفُرْقَانِ وَجَامِعِ الْوَرَقِ وَمُنَزِّلِهٖ مِنْ سَمَآءِ الْقُرْاٰنِ وَعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ ۞

فائدہ: شیخ المشائخ حضرت سعید الدین حمیدی رحمتہ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جو شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اس طرح درود شریف بھیجے گا وہ ہرگز کسی ظالم کے ہاتھ میں گرفتار نہیں ہوگا۔

ظالموں کے ظلم سے بچنے کے لئے مجرب دعا

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۞ (القرآن)

فائدہ: جب کسی ظالم شخص سے کوئی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو اس کے شر سے حفاظت کے لئے یہ دعا مانگنی چاہیے۔

رات کو سوتے وقت گھر کے دروازے اور بتیاں بند کر کے سونا سنت ہے

المتکبر جل جلالہ
بڑی بزرگی والا

بزرگی شرافت اور برکت کے حصول کے لئے

یَا مُتَکَبِّرُ کا بکثرت ذکر کرنے سے بزرگی اور برکت حاصل ہوگی۔

مشہود
گواہی دیا گیا

11

تزکیۂ نفس اور حصول شرافت کے لیے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جس کے پاس صدقہ کے لئے کچھ نہ ہو وہ اپنی دعا میں یہ درود پاک پڑھ لیا کرے یہ اس کے لئے باعث تزکیہ نفس ہوگا اور بزرگی و شرافت نصیب ہوگی۔

بزرگی و شرافت اور وقار نصیب ہو گا

اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ اِیْمَانًا لَا یَرْتَدُّ وَیَقِیْنًا لَیْسَ بَعْدَہٗ کُفْرٌ وَرَحْمَۃً اَنَالُ بِھَا شَرَفَ کَرَامَتِكَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ ۞ (مجموعہ وظائف)

فائدہ: صبح و شام اس دعا کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ بزرگی و شرافت اور وقار نصیب فرمائیں گے۔

حلال کمانا اور حلال کھانا سنت ہے اس سے شرافت حاصل ہوتی ہے

تمام آفات سے سلامتی کے لیے

سات دن تک متواتر روزانہ یَا خَالِقُ ۱۰۰ بار پڑھنے سے بندہ تمام آفات سے سالم رہے گا۔

الخالق
پیدا کرنے والا

بشیر
خوشخبری دینے والا

۱۲

تمام آفات سے حفاظت رہے گی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ ۞ (ذریعة الوصول)

فائدہ: جو شخص یہ درود شریف بکثرت پڑھے گا انشاء اللہ العزیز وہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا مجرّب ہے۔

آفات و بلیات سے حفاظت کے لیے

بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَ اَھْلِیْ وَ مَالِیْ ۞ (ابن سنی ص ۵۰)

فائدہ: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی کہ اسے بڑے آفات و مصائب آتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا جب صبح ہو تو یہ دُعا پڑھو آفات و مصائب نہیں آئیں گے۔

الباری ﷻ
بنانیوالا

قبر جنت کا باغیچہ بن جائے

یَا بَارِیُ ۱۰۰ مرتبہ روزانہ
پڑھنے والے کی قبر
جنت کا باغیچہ بن جائیگی

نذیر ﷺ
ڈرانے والا

۱۳

قبر میں جنت کا باغ نصیب ہو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّرْسِلِ رِيَاحِ الْكَرَمِ اِلٰى رَوْضِ الْجِنَانِ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: جو شخص بکثرت یہ درود شریف پڑھے گا اُس کی قبر جنت کے باغوں میں سے ایک باغ بن جائیگی۔ انشاء اللہ

عذابِ قبر سے پناہ کی دُعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ ۞ (ترمذی)

فائدہ: یہ عذاب قبر سے پناہ مانگنے کی مسنون دُعا ہے۔

ایک عورت کو مسجد میں جھاڑو دینے کی وجہ سے جنت میں گھر مل گیا۔

انشاءاللہ بیٹا نصیب ہوگا

بانجھ عورت سات دن تک متواتر روزہ رکھے اور ۲۱ مرتبہ یَامُصَوِّرُ شیرنی پر دم کر کے افطار کرے انشاءاللہ فرزند پیدا ہوگا۔

المصور

صورتیں بنانیوالا

داعِ

بلانے والا

۱۴

نیک صالح اولاد نصیب ہو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِ الْعَالَمِيْنَ حَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ صَلٰوةً اَنْتَ لَهَا اَهْلٌ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ كَذٰلِكَ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: جو شخص صبح و شام ۷ مرتبہ اس درود شریف کا ورد اپنے اوپر لازم کر لے تو اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے نیک صالح اولاد نصیب فرمائیں گے۔ مجرب و اکسیر ہے یقین شرط ہے۔

نرینہ اولاد کے حصول کے لئے دُعا

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ۞ (القرآن)

فائدہ: جس شخص کی نرینہ اولاد پیدا نہ ہوتی ہو وہ یہ دُعا کثرت سے مانگا کرے۔ انشاءاللہ نرینہ اولاد نصیب ہوگی۔

بچوں سے مصافحہ، معانقہ، سلام کرنا اور کندھے پر اٹھالینا سنت ہے۔

الغفار جل جلالہ
بڑی بخشش والا

مغفرت کے آثار پیدا ہوں

نماز جمعہ کے بعد ۱۰۰ مرتبہ یَاغَفَّارُ پڑھنے سے مغفرت کے آثار پیدا ہونگے۔

شافی جل جلالہ
شفاء دینے والا

۱۵

اللہ تعالیٰ نے مغفرت فرمادی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذّٰکِرُوْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اس طرح درود شریف پڑھا کرتے تھے۔ کسی کو خواب میں اُنکی زیارت ہوئی۔ انہوں نے فرمایا کہ میری مغفرت اس درود کی بدولت ہوئی ہے۔

مغفرت طلب کرنے کے لیے

رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَ تَرْحَمْنَا لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ۞ (القرآن)

فائدہ: مغفرت طلب کرنے کے لئے وہ دُعا جو خود اللہ تعالیٰ نے سکھلائی۔

برائی کا بدلہ برائی سے نہ دینا اور معاف کرنا سنت ہے (ابن سعد ۳۶۵)

برائے دفع سحر

کاغذ پر اَلْقَہَّارُ لکھ کر پانی میں حل کر کے سحر زدہ کے سر کو دھوئیں اثر زائل ہو جائیگا۔

اَلْقَہَّارُ جل جلالہ
سب کو قابو میں رکھنے والا

ہاد
ہادی

۱۶

سحر کا اثر زائل ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: اِس درود شریف کو ایک ہزار مرتبہ پڑھنے سے سحر کا اثر جاتا رہے گا۔

جادو کا مسنون علاج

بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ یُّؤْذِیْکَ مِنْ کُلِّ عَیْنٍ وَّنَفْسٍ حَاسِدٍ اَللّٰہُ یَشْفِیْکَ ۞ (ترمذی)

فائدہ: حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ یہود نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کر دیا جس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف پہنچی چنانچہ حضرت جبرائیل علیہ السلام معوذتین اور یہ دُعا لے کر تشریف لائے۔ جس سے جادو ختم ہو گیا۔

الوہاب
بلا عوض دینے والا

تمام مقاصد پورے ہوں

چاشت کے نفلوں کے آخری سجدہ میں ۱۴ مرتبہ یَاوَھَّابُ پڑھنے سے تمام مقاصد پورے ہوں۔

مہدی
ہدایت والا

۱۷

اللہ تعالیٰ ہر مقصد پورا فرمائیں گے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَهٗ ۞

فائدہ: اس درود شریف کو پڑھنے والے کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خصوصی اکرام فرمایا اور اسکو قریب بٹھایا۔ جو بھی اسکو جس مقصد کے لئے بھی پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسکے مقصد کو پورا فرمائیں گے۔

ہر مقصد حاجت میں پوری کامیابی ہو

یَاعَزِیْزُ یَاحَمِیْدُ یَاذَاالْعَرْشِ الْمَجِیْدِ اصْرِفْ عَنِّیْ شَرَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ ۞

فائدہ: کسی قسم کی کوئی حاجت، ضرورت ومشکل درپیش ہو تو یہ دُعا کریں انشاء اللہ تعالیٰ مقصد وضرورت اللہ تعالیٰ حل فرمائیں گے۔

رزق میں فراخی حاصل ہو گی

فجر سے پہلے گھر کے چاروں کونوں میں ۱۰۰۱ مرتبہ یا رزّاق پڑھیں وسعت رزق حاصل ہو گی

الرزّاق جل جلالہ
روزی دینے والا

ماجد جل جلالہ

۱۸ رزق میں برکت نصیب ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّھَبْ لَنَا اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا مِنْ رِزْقِكَ الْحَلَالِ الطَّیِّبِ الْمُبَارَكِ مَا تَصُوْنُ بِهٖ وُجُوْھَنَا عَنِ التَّعَرُّضِ اِلٰی اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ ۞

فائدہ: ابوعبداللہ قسطلانی رحمۃ اللہ کو خواب میں حضور ﷺ کی زیارت ہوئی انہوں نے اپنی غربت اور فقر و فاقہ کی شکایت کی حضور ﷺ نے اُن کو یہ درود پڑھنے کو فرمایا۔

حضور ﷺ کے فرمان کے مطابق فقر و فاقہ کا علاج

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ ۞

فائدہ: ایک شخص نے آکر حضور ﷺ سے فقر و فاقہ کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا یہ دُعا صبح کی نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ پڑھ لیا کر۔ دنیا ذلیل ہو کر تمہارے سامنے آئیگی۔

الفتاح
بہت بڑا مشکل کشا

تمام امور میں آسانی نصیب ہو

فجر کی نماز کے بعد سینہ پر ہاتھ رکھ کر ۷۰ بار یَافَتَّاحُ پڑھے تو تمام امور میں آسانی ہوگی۔

مُنْجِحُ
نجات والا

۱۹

دشواری میں آسانی پیدا ہو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ وَمُسْتَحِقُّهٗ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: جس شخص کو کوئی دشواری لاحق ہو اور وہ تنہائی میں یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور ایک ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھ کر دل سے دُعا کرے تو انشاء اللہ دشواری دور ہو جائیگی اور آسانی پیدا ہوگی۔

مشکل کام آسان ہو جائے

اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهٗ سَهْلًا وَّ اَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ سَهْلًا اِذَا شِئْتَ ۞ (حصن حصین)

فائدہ: جب کوئی کام کرنا ہو اور اس میں مشکلات پیش آرہی ہوں تو یہ دُعا مسنون کی جائے۔

حافظہ قوی ہوگا

کثرت و مداومت سے یَا عَلِیۡمُ کا ورد کرنے سے حقائق و معارف منکشف ہوتے ہیں اور حافظہ قوی ہوتا ہے۔

اَلْعَلِیْمُ جل جلالہ
بہت وسیع علم والا

بَاعِثُ جل جلالہ
اٹھانے والا

٢٠

بچوں، بڑوں کا ذہن تیز ہو جائے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَبِعَدَدِ كُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: اس درود شریف کی برکت سے دنیا و آخرت میں برکت و قوت حاصل ہوگی اور قرآن مجید حفظ کرنے کے لئے یا کوئی اور چیز یاد کرنے کے لیے اس درود پاک کا اول آخر پڑھنا حافظہ کو انتہائی تقویت بخشتا ہے۔

قوت حافظہ بڑھانے کے لئے

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ حِكْمَتَكَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَكَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۞

فائدہ: اگر تم چاہتے ہو کہ تمہارا حافظہ ایسا ہو جائے کہ جس چیز کو تم یاد کرلو پھر اس کو نہ بھولو تو اس چیز کو یاد کرنے سے پہلے یہ دُعا پڑھ لو۔

جس کو نسیان اور بھول کا عارضہ ہو وہ کثرت سے درود پاک پڑھا کرے

جل جلالہ
الْقَابِضُ
واپس روزی تنگ کرنے والا

حرام مال و سود سے حفاظت کے لیے

۴۰ دن تک روٹی کے لقمہ پر اَلْقَابِضُ کو لکھ کر کھالے تو بھوک سے تکلیف نہ ہو گی حرام مال اور سود سے محفوظ رہے گا

رَسُوْلٌ ﷺ
رسول

۲۱

حلال روزی میں برکت اور وسعت کے لیے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ٭

فائدہ: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب کوئی چاہے کہ اس کا مال زیادہ ہو جائے اور روز افزوں ترقی کرے اسے چاہیے کہ یہ درود شریف پڑھے۔

روزی کی تنگی سے حفاظت کے لیے

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ٭ (کتاب الدعاء)

فائدہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسے خدائے پاک نعمت سے نوازے وہ الحمدللہ کثرت سے پڑھا کرے اور جسے رنج و غم سے زیادہ سابقہ پڑے وہ استغفار پڑھا کرے اور جسے رزق میں تنگی ہو وہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ خوب کثرت سے پڑھا کرے۔

گرا ہوا لقمہ اٹھا کر کھالینا سنت ہے (اس سے رزق میں برکت ہوتی ہے)

بے روزگاری سے نجات کے لیے

نماز چاشت کے بعد ۱۰ بار یَابَاسِطُ پڑھنے سے رزق میں فراوانی ہوگی اور اچھا روزگار نصیب ہوگا۔

الباسط جل جلالہ

روزی یا دل فراخ کرنے والا

نبی ﷺ

نبی

۲۲

غربت اور بے روزگاری سے نجات کے لئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّھَبْ لَنَا اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا مِنْ رِزْقِكَ الْحَلَالِ الطَّیِّبِ الْمُبَارَكِ مَا تَصُوْنُ بِهٖ وُجُوْھَنَا عَنِ التَّعَرُّضِ اِلٰی اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ

فائدہ: ابو عبداللہ قسطلانیؒ کو خواب میں حضور ﷺ کی زیارت ہوئی انہوں نے اپنی غربت کی شکایت کی تو حضور ﷺ نے انکو یہ درود پڑھنے کو فرمایا۔

اچھا روزگار نصیب ہو

مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

فائدہ: جو شخص صبح کو یہ دُعا پڑھ لے تو اُس دن بہترین رزق سے نوازا جائیگا اور برائیوں سے محفوظ رہیگا اور جو شام کو پڑھ لے تو اُس رات کو بہترین رزق سے نوازا جائیگا اور برائیوں سے محفوظ رہیگا۔

ضروریات و حاجات کا پورا ہونا

۵۰۰ مرتبہ یَا خَافِضُ پڑھنے سے ہر حاجت و ضرورت پوری ہوتی ہے۔ غیب سے ضروریات پوری ہونگی

الخافض
کافروں کو ذلیل کرنے والا

اُمّی
اُمّی جو کسی سے نہ پڑھے ہوئے ہوں

۲۳

تمام ضروریات پوری ہوں

أَسْأَلُكَ اللّٰهُمَّ حَاجَتِيَ الَّتِي بَيْنِي وَبَيْنَكَ لَا يَعْلَمُهَا أَحَدٌ دُونَكَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

(ذریعة الوصول)

فائدہ: درج بالا درود پاک کو بکثرت پڑھنے سے انشاءاللہ غیب سے ضروریات پوری ہونگی۔ اور یہ درود پاک امام زین العابدین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

تمام حاجات کے حل کے لیے

رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنْزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ ۞ (القرآن)

فائدہ: یہ حضرت موسیٰ علیٰ نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا ہے یہ دعا محتاجی کو دور کرتی ہے اور حاجات کو پورا کرتی ہے۔

ظالموں سے امن و سلامتی نصیب ہو

۷۰ مرتبہ یَا رَافِعُ پڑھنے سے ظالموں سے امن و چین نصیب ہو گا۔ انشاء اللہ العزیز

الرَّافِعُ جل جلالہ
بلند کرنیوالا

۱۲ تہامی ﷺ
تہامی

۲۴ ظالم حکمرانوں سے حفاظت کے لیے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُخْتَارِ لِلسِّیَادَةِ وَالرِّسَالَةِ قَبْلَ خَلْقِ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: شیخ المشائخ حضرت سعد الدین حمیدی رحمۃ اللہ سے صحیح نقل کے ساتھ ثابت ہے کہ جو شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اس طرح درود شریف بھیجے گا وہ ہرگز کسی ظالم کے ہاتھ میں گرفتار نہیں ہوگا اور حق تعالیٰ اسکو محتاجی و تنگدستی سے محفوظ رکھیں گے۔

ہر قسم کے ظلم سے امن نصیب ہو

یَا عَزِیْزُ یَا حَمِیْدُ یَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِیْدِ اِصْرِفْ عَنِّیْ شَرَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ ۞ (مسند بزار)

فائدہ: ظالم حکمران کے سامنے جانے سے پہلے یہ کلمات پڑھ لیں تو انشاء اللہ اس کے ظلم سے امن میں رہیں گے۔

زندگی کے تمام اُمور میں اپنے بزرگوں اور بڑوں سے مشورہ کرنا سنت ہے۔

المعز
عزت دینے والا

لوگوں کے دلوں میں عظمت بیٹھ جائے

پیر اور جمعرات کو نماز مغرب کے بعد ۴۰ مرتبہ یامُعِزُّ پڑھنے سے اسکی عظمت لوگوں کے دلوں میں بیٹھ جائیگی۔

ھاشمی ﷺ
ہاشمی

۲۵

رعب اور دبدبہ نصیب ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْفَرْقِ وَالْفُرْقَانِ وَجَامِعِ الْوَرَقِ وَمُنَزِّلِہٖ مِنْ سَمَاءِ الْقُرْاٰنِ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ ۞ (ذریعة الوصول)

فائدہ: اس درود شریف کے ورد سے انشاء اللہ العزیز لوگوں کے دلوں میں عظمت، رعب اور دبدبہ بیٹھ جائیگا۔

لوگوں کے قلوب میں رعب بیٹھ جائے

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا وَّ فِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا

فائدہ: بکثرت پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں رعب و دبدبہ بیٹھ جائیگا۔

ہر وقت باوضو رہنا سنت ہے اس سے رعب اور دبدبہ پیدا ہوتا ہے۔

حاسد کے حسد سے حفاظت کیلئے

۷۵ مرتبہ یَامُذِلُّ پڑھ کر سجدہ میں دعا کریں انشاءاللہ حاسد کے حسد سے محفوظ رہیگا

المُذِلُّ جل جلالہ

ذلیل کرنے والا

ابطحی ﷺ

ابطح والا

۲۶

حاسدین کا حسد پورا نہ ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مِلْءَ الدُّنْیَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَۃِ وَ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ مِلْءَ الدُّنْیَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَۃِ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا مِلْءَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ مِلْءَ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ ۞

فائدہ: درج بالا درود شریف کے پڑھنے سے انشاءاللہ العزیز حاسد کے حسد اور اسکے شر سے حفاظت رہے گی۔ اور اسکا حسد پورا نہ ہوگا۔

حاسدین کے حسد اور شر سے نقصان نہ پہنچے

بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ یُّؤْذِیْکَ مِنْ شَرِّ نَفْسٍ اَوْ عَیْنِ حَاسِدٍ ۞ (ترمذی وابنِ ماجہ)

فائدہ: حاسد کے حسد اور اسکے شر سے اگر کوئی تکلیف پہنچے تو یہ دُعا پڑھیں انشاءاللہ تکلیف جاتی رہے گی۔

السمیع جل جلالہ
بہت سننے والا

بارگاہِ الٰہی سے دُعا رد نہ ہو

جمعرات کے دن نمازِ چاشت کے بعد ۵۰۰ مرتبہ یَاسَمِیْعُ پڑھ کر جو دُعا کی جائے انشاء اللہ قبول ہو گی۔

عزیز جل جلالہ
غالب

۲۷

سب سے بہتر دعا اور سوال کے لیے

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا اَنْتَ اَھْلُہٗ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَنْتَ اَھْلُہٗ وَافْعَلْ بِنَا مَا اَنْتَ اَھْلُہٗ فَاِنَّکَ اَھْلُ التَّقْوٰی وَاَھْلُ الْمَغْفِرَۃِ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: جو شخص یہ چاہتا ہو کہ حق تعالیٰ شانہ کی بارگاہ میں ایسے طریقہ سے سوال کرے جو تمام مخلوق کے سوال سے بہتر ہو اس کو چاہیے کہ یہ درود شریف پڑھا کرے۔

قبولیت دعا کے لیے مقبول قرآنی دعا

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ط اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۞ (القرآن)

فائدہ: یہ دُعا حضرت ابراہیم و حضرت اسماعیل علیہما السلام کی ہے جو کہ بیت اللہ شریف کے بناتے وقت بالہام خداوندی انہوں نے مانگی۔

اللہ جل شانہٗ کے نزدیک دُعا سے زیادہ پسندیدہ کوئی چیز نہیں۔

الله تعالیٰ کی محبت نصیب ہو

نمازِ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان ۱۰۱ مرتبہ یَابَصِیْرُ پڑھنے سے اللہ کی محبت حاصل ہوگی۔

البصیر جل جلالہ
خوب دیکھنے والا

حریص
حرص کرنے والا

۲۸

قربِ الٰہی اور حصول محبت الٰہی کے لئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَسْمَآئِکَ الْحُسْنٰی وَبِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمَاتِکَ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ : درج بالا درود شریف کو پڑھنے سے انشاء اللہ العزیز اللہ تعالیٰ کی محبت حاصل ہوگی اور اُس سے قرب کا باعث بنے گا۔

حصولِ محبت الٰہی کے لیے مسنون دعا

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِیْ وَاَھْلِیْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ ۞ (ترمذی)

فائدہ : جو شخص یہ چاہے کہ اُسے اللہ تعالیٰ کی محبت حاصل ہو وہ ہر نماز کے بعد یہ دُعا مانگا کرے۔

جب اللہ پاک کسی سے محبت کرتا ہے تو اُسے مسجد کا خادم بنا دیتا ہے۔

الحکیم
حکم کرنیوالا

دل سرچشمہ ہدایت بن جائے

نصف شب کے وقت باوضو حضور قلب سے بکثرت یا حکیمُ پڑھے تو اللہ اسکے قلب کو محل اسرار فرمائیں گے

رؤوف
رحم دل

۲۹

دل کی کدورتیں ختم ہوں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْ کُلِّ لِسَانٍ وَّ جَنَانٍ وَعِنْدَ ظُهُوْرِ كُلِّ حِكْمَةٍ وَّ بَيَانٍ ۞ (ذریعة الوصول)

فائدہ :اس درود شریف کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ دل سے فاسد خیالات کو نکال دیں گے۔اور ہر کام کی حکمت سمجھائیں گے۔اور دل کی کدورتیں دور ہوں گی۔

فاسد خیالات اور نفسانی خواہشات سے حفاظت کے لئے

اَللّٰھُمَّ اَلْهِمْنِیْ رُشْدِیْ وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ ۞ (ترمذی)

فائدہ: فاسد خیالات دل سے نکل جائیں اور نفس کے شر سے حفاظت ہو جائے اور صحیح بات دل میں اتر جائے اس کیلئے یہ بہترین دُعا ہے۔

مخلوق کے قلوب مُسخّر ہو جائیں

جمعرات کے دن ۵۰۰ مرتبہ یَا عَدْلُ پڑھیں اور شب جمعہ میں روٹی کے بیس ٹکڑوں پر لکھ کر کھانے سے مخلوق کے قلوب مسخر ہو جائیں۔

اَلْعَدْلُ

انصاف کرنیوالا

رَحِیْمٌ

رحم والا

۳۰

لوگوں کی تسخیر اور محبت کے لیے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَنَبِيِّكَ وَحَبِيْبِكَ الَّذِىْ نَوَّرْتَ قَلْبَهٗ وَشَرَحْتَ صَدْرَهٗ ۞ (ذریعة الوصول)

فائدہ: اس درود شریف کے پڑھنے سے مخلوق کے دل مسخر ہو جائیں گے۔ اور وہ پڑھنے والے سے محبت کرنے لگیں۔

لوگوں کے دل مُسخّر کرنے کے لئے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِىْ فِىْ عَيْنِىْ صَغِيْرًا وَّفِىْ اَعْيُنِ النَّاسِ كَبِيْرًا ۞

فائدہ: کثرت سے پڑھنے سے انشاء اللہ لوگوں کے دل مسخر ہو جائیں گے اور ناواقف لوگ دوست بن جائیں۔

جو شخص سنتوں پر عمل کرتا ہے وہ اللہ اور اس کی مخلوق کا محبوب بن جاتا ہے۔

اَللَّطِيْفُ
باریک بین

بچی کیلئے نیک رشتہ نصیب ہوگا

تحیۃ الوضوء کے بعد ۱۰۰ مرتبہ یَااَللَّطِیْفُ پڑھنے سے انشاء اللہ بچی کے لیے نیک رشتہ نصیب ہوگا۔

طٰهٰ

۳۱

پاکیزہ رشتے کی تلاش میں کامیابی کے لیے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞ (صحاح ستہ)

فائدہ: (مشائخ کا تجربہ ہے کہ) اگر کسی کی شادی میں رکاوٹ ہو اور رشتہ ملنے میں دشواری آ رہی ہو تو نماز فجر و مغرب کے بعد ۱۰ مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر دعا کریں اللہ تعالیٰ پاکیزہ رشتہ عطا فرمائیں گے۔

اچھا رشتہ ملنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ صَاحِبٍ يُّؤْذِيْنِيْ ۞ (مناجات مقبول)

فائدہ: اگر کسی کو اچھا رشتہ نہ ملتا ہو تو اسے چاہیے کہ مذکورہ بالا مسنون دعا ہر نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ پڑھا کرے۔

بری عادات سے نجات کیلئے

ہر نماز کے بعد ۱۱۱ مرتبہ یَا خَبِیْرُ پڑھنے سے بری عادات سے نجات ملتی جائیگی

اَلْخَبِیْرُ جل جلالہ

باخبر اور آگاہ

مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

چنا ہوا

۳۲

بُری عادات چھوڑنے کا مجرب عمل۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مُّعَطِّرِ الرُّوْحِ وَاٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ صَلٰوۃً تُعَطِّرُنَا بِھَا وَبَارِکْ وَسَلِّمْ ۞

فائدہ : اس درود شریف کے بکثرت ذکر سے بُری عادات سے نجات ملے گی مثلاً سگریٹ نوشی وغیرہ۔

بُری عادات سے چھٹکارے کی دُعاء

رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۞ (القرآن)

فائدہ: ہر نماز کے بعد اس دعاء کو پڑھنے سے انشاء اللہ بری عادات سے چھٹکارا مل جائیگا۔

فصل کی حفاظت کیلئے

فصل کو آفات سے بچانے کیلئے اَلْحَلِیْمُ لکھ کر پانی میں گھول کر فصل میں ڈالتے رہیں

اَلْحَلِیْمُ جل جلالہٗ
بڑا بردبار

طٰسٓ صلی اللہ علیہ وسلم
طٰس

۳۳

زراعت و باغات کو بیماریوں سے بچانے کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ وَبِعَدَدِ اَقْطَارِ الْاَمْطَارِ وَبِعَدَدِ دَوَابِّ الْبَرَارِیْ وَالْبِحَارِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: فصل کی کاشت اور باغات میں پھل آنے سے پہلے اس درود شریف کو ۳۱۳ مرتبہ پڑھ کر پانی اور مٹی پر دم کر کے کھیت اور باغ میں چھڑکیں۔ فصل و باغ پکنے تک عمل جاری رکھیں۔

آسمانی و زمینی بلاؤں سے حفاظت کیلئے

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۞ (ترمذی و ابوداؤد شریف)

فائدہ: جو کسان صبح و شام تین تین مرتبہ اپنے کھیت کیلئے یہ دعاء پڑھے گا اس کا کھیت آسمانی و زمینی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

دنیا کی نظروں میں عظمت نصیب ہو

بکثرت یَا عَظِیْمُ پڑھنے سے دنیا کی نظروں میں عظمت نصیب ہوگی

اَلْعَظِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بڑا بزرگ

مُرتَضٰی ﷺ

برگزیدہ

لوگ تعظیم کرنے لگیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُخْتَارِ لِلسِّیَادَۃِ وَالرِّسَالَۃِ قَبْلَ خَلْقِ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: جو شخص بکثرت اس درود شریف کا ورد رکھتا ہے اس کی تعظیم لوگوں میں عام ہو جاتی ہے

عظمت اور جاہ و مرتبہ حاصل ہو

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ شَکُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا وَّفِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا ۞ (مسند بزار)

فائدہ: اس دعا کے پڑھنے والے کو عظمت حاصل ہوگی اور انشاءاللہ اچھا جاہ و مرتبہ نصیب ہوگا۔

مومن کی عظمت اور اس کا احترام کعبہ سے زیادہ ہے۔ (ابن ماجہ ص ۲۸۲)

الغفور
جل جلالہ
بہت بخشنے والا

بخار دور کرنے کیلئے

بخار والے کو کاغذ پر تین مرتبہ
اَلْغَفُوْرُ لکھ کر باندھ دیا جائے
تو بخار دور ہو جائیگا۔

حم

۳۵

ٹائیفائیڈ اور پرانے بخاروں کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّدَوَاءٍ
وَبَارِکْ وَسَلِّمْ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: ٹائیفائیڈ اور ہر قسم کے پرانے بخاروں کیلئے ۱۱ مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر دم کریں اللہ کے فضل سے افاقہ ہوگا۔

بخار اور سر درد کیلئے

بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ کُلِّ عِرْقٍ
نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ ۞ (کتاب الدعا)

فائدہ: حضور علیہ صلی اللہ صحابہ کرامؓ کو بخار اور تمام قسم کے دردوں کیلئے مذکورہ دعاء بتایا کرتے تھے۔

شدید بخار کی حالت میں چہرہ پر پانی چھیرنا سنت ہے۔ (شمائل)

آنکھوں کی تکالیف سے نجات کیلئے

آنکھوں کی تکالیف والے ۱۱۱ مرتبہ یاشکورُ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس سے آنکھوں میں چھینٹے ماریں

الشکورُ جل جلالہ
قدر دان

مصطفیٰ ﷺ
چُنا ہوا

تاریکیٔ بصر دور کرنے کیلئے درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ اَشْرَقَتْ بِنُوْرِہِ الظُّلَمُ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: جو شخص اس درود شریف کو صبح وشام ۱۱ مرتبہ پڑھے گا اللہ رب العزت اس کی بصارت کو روشن فرمادیں گے

آنکھوں کی وبائی امراض سے نجات کیلئے

اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِبَصَرِیْ وَاجْعَلْہُ الْوَارِثَ مِنِّیْ وَاَرِنِیْ فِی الْعَدُوِّ ثَارِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ ۞ (الطبرانی)

فائدہ: حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس کی آنکھ دُکھتی ہو اس کو یہ دُعا پڑھنی چاہیے

رات کو سونے سے قبل آنکھوں میں تین مرتبہ سرمہ لگانا سنت ہے۔

صحیح عقیدہ نصیب ہو

روزانہ ۱۰۰ مرتبہ یَا عَلِیُّ
پڑھنے سے انشاءاللہ
عقیدہ درست ہوجائے گا

الْعَلِیُّ جل جلالہ
بہت بلند و بالا

یٰسٓ صلی اللہ علیہ وسلم
یٰس

۳۷

جہالت و گمراہی سے نجات ملے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَاةً أَفْضَلَ وَأَكْمَلَ وَأَطْيَبَ مَا صَلّٰى عَلٰى أَحَدٍ مِنَ الْخَلْقِ أَجْمَعِيْنَ كَمَا اسْتَنْقَذْنَا بِكَ مِنَ الضَّلَالَةِ وَبَصَّرَنَا بِكَ مِنَ الْعَمٰى وَالْجَهَالَةِ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: جو شخص یہ درود شریف پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے ہدایت طلب کرے گا اللہ تعالیٰ اسے ضرور ہدایت نصیب فرمائیں گے

ہدایت اور تقویٰ کے حصول کیلئے

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ بِالْهُدٰى وَنَقِّنِيْ بِالتَّقْوٰى وَاغْفِرْ لِيْ فِي الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى

فائدہ: ہدایت اور تقویٰ کے حصول کیلئے اتنی اہم دُعا ہے کہ آپ ﷺ نے میدان عرفات میں مانگی تھی۔ (مصنف ابن ابی شیبہ)

کسی چیز یا دن کو منحوس سمجھنا خلاف سنت ہے اور گمراہی کا عقیدہ ہے

عزت و شہرت حاصل ہو

روزانہ ایک ہزار مرتبہ یَا کَبِیْرُ
پڑھنے سے جاہ و منزلت اور
عزت و شہرت حاصل ہوتی ہے

اَلْکَبِیْرُ جل جلالہ
بہت بڑا

اَوْلٰی جل جلالہ
بہتر

۳۸ قدر و منزلت نصیب ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الْمُخْتَارِ لِلسِّیَادَۃِ وَالرِّسَالَۃِ قَبْلَ خَلْقِ اللَّوْحِ وَ الْقَلَمِ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: جو شخص بکثرت اس درود شریف کا ورد رکھتا ہے اسے لوگوں میں قدر و منزلت نصیب ہوتی ہے

عزت و مقام نصیب ہو

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ شَکُوْرًا وَّ اجْعَلْنِیْ فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا وَّفِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا۔ ۞ (مسند بزار)

فائدہ: اس دعاء کے پڑھنے سے ہر مجلس میں عزت و مقام نصیب ہوتا ہے

حصولِ عزت کے لئے دوسروں کی عزت اور وقار کا خیال کرنا سنت ہے۔

الحفیظ جل جلالہ
سب کا محافظ

نظر بد سے حفاظت رہے

اگر کوئی شخص اسم اَلْحَفِیْظُ لکھ کر سیدھے بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ نظر بد کے اثر سے محفوظ رہیگا

مزمل ﷺ
کملی والا

39

نظر بد سے عافیت کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَنَبِیِّكَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَهٗ رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ وَنُوْرًا لِلْمُسْتَبْصِرِیْنَ، وَرَاحِمًا عَلَی الْمَسَاكِیْنِ ۞

فائدہ : اس درود شریف کو ۲۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے چھینٹے ماریں اور پلائیں انشاء اللہ نظر بد کا اثر جاتا رہے گا۔

نظر بد سے حفاظت کیلئے

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ حَرَّھَا وَبَرْدَھَا وَوَصَبَھَا ۞

فائدہ: حضور ﷺ نے فرمایا جس کا مفہوم یہ ہے کہ بڑوں اور بچوں پر مذکورہ مسنون دعاء پڑھ کر دم کریں تو انشاء اللہ نظر بد کے اثرات سے محفوظ رہیں گے۔

سورۃ فاتحہ، آیۃ الکرسی اور معوذتین سے نظر بد کا علاج کرنا سنت ہے

بچہ کھانا پینا چھوڑ دے اور روئے

اگر بارش کے پانی پر ۷۰ مرتبہ یَا مُقِیتُ پڑھ کر بچہ کو پلائیں تو وہ بچہ خوش باش رہنے لگے

اَلْمُقِیْتُ جل جلالہ
سب کو روزی دینے والا

وَلِیُّ جل جلالہ
دوست

۴۰

جو بچہ ماں کا دودھ نہ پیئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ وَنَبِیِّكَ صَلَاةً تَعُمُّ بَرَکَاتُھَا وَتُحِیْطُ کَرَامَتُھَا وَتَشِیْعُ اَنْوَارُھَا ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: اگر بچہ ماں کا دودھ نہ پیئے تو ۱۱ مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر دودھ پر دم کریں اور ماں و بچہ دونوں کو پلائیں۔

جو بچہ ہر وقت روتا رہے

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّةٍ وَّمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَامَّةٍ ۞ (حصن حصین)

فائدہ: جو بچہ کھانا پینا چھوڑ دے اور ہر وقت روتا رہے تو سات مرتبہ یہ دعا پڑھ کر دم کریں۔

ایک دوسرے کو ہدیہ دینا سنت ہے، اس سے آپس کی محبت بڑھتی ہے۔

الحسیب
سب کیلئے کفایت کرنیوالا

نیند میں ڈر جانے والے کیلئے

جو شخص نیند میں ڈر جاتا ہو تو سات دن تک صبح و شام ۷ مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ کا ورد کرے خوف جاتا رہے گا

مدثر ﷺ
چادر اوڑھنے والا

۴۱ تنہا لیٹنے والے کو اگر خوف لاحق ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی اللَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی النَّھَارِ اِذَا تَجَلّٰی ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: جو شخص اکیلا ہو اور رات کو خوف لگے تو اس درود پاک کا ورد کرے انشاء اللہ خوف سے نجات ملیگی

سوتے میں بُرا خواب دیکھنے پر عمل

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیٰطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنِ ۞ (ابو داؤد)

فائدہ: جو شخص بُرا خواب دیکھے تو اپنی بائیں طرف تین مرتبہ ہلکا سا تھوک پھینکے اور کروٹ بدل کر تین مرتبہ یہ دُعا پڑھ لے (حصن حصین)

خواب میں ڈر جائے تو تین بار اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مکمل پڑھنا سنت ہے۔

عظیم قدر و منزلت نصیب ہو

اسم پاک اَلْجَلِیْلُ کو مشک و زعفران سے لکھ کر سیدھے بازو پر باندھنے سے قدر و منزلت نصیب ہوتی ہے

اَلْجَلِیْلُ جل جلالہ

بڑے بلند مرتبہ والا

مَتِیْنُ جل جلالہ

مضبوط

۴۲

تعظیم و تکریم حاصل ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُخْتَارِ لِلسِّیَادَۃِ وَالرِّسَالَۃِ قَبْلَ خَلْقِ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: جو شخص چاہے کہ اسکی ہر جگہ تعظیم و تکریم ہو تو وہ صبح اس درود پاک کو ۷ مرتبہ پڑھ لیا کرے

عزت و منزلت حاصل ہو

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ شَکُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا وَّفِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا ۞

فائدہ: عزت و منزلت کے حصول کے لیے یہ مسنون دُعاء دل لگا کر ہر نماز کے بعد اللہ سے مانگیں

جل جلالہ
الکریم
بہت کرم کرنے والا

دین و دنیا میں فلاح نصیب ہو

اسم مبارک الکریم کے وظیفہ کی مدد سے خلقت کی نظر میں عزت و اکرام حاصل ہوتا ہے ۱۰۱ مرتبہ وظیفہ پڑھے

صلی اللہ علیہ وسلم
مصدق
سچ بولنے والا

۴۳ **دنیا و آخرت کی بھلائیاں نصیب ہوں**

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَكَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

فائدہ: ہر نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ اس درود کو پڑھنے والا دنیا آخرت کی جملہ بھلائیوں سے نوازا جائے گا

دنیا آخرت میں اچھائی ملے

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

فائدہ: دنیا آخرت میں اچھائیوں کے حصول کیلئے یہ دُعاء مجرب ہے عاجزی کے ساتھ مانگی جائے

اگر کسی کا اچھا نام سنو تو اُسے اپنے مقصد کیلئے نیک فال سمجھنا سنت ہے

اہل وعیال کی حفاظت کیلئے

اپنے اہل وعیال پر سات مرتبہ اَلرَّقِیْبُ پڑھ کر دم کریں انشاءاللہ تمام آفتوں سے محفوظ رہیں گے چوکھٹ پر لگانا بھی کارآمد ہے

اَلرَّقِیْبُ جل جلالہ
بڑا نگہبان

طَیِّب صلی اللہ علیہ وسلم
پاک

۴۴ اہل وعیال کی غائبانہ حفاظت ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ وَاَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۞ (ابوداؤد)

فائدہ: صبح وشام ۳ مرتبہ یہ دودرشریف پڑھنے والے کے اہل وعیال کی اللہ رب العزت غائب سے حفاظت فرمائیں گے۔

اہل وعیال اور مال ومتاع کی حفاظت کیلئے

بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَوَلَدِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ

فائدہ: حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل فرمایا ہے کہ مذکورہ دعا صبح وشام پڑھا کریں، تمام آفات اور مصائب سے محفوظ رہیں گے۔

اللہ رب العزت کی حفاظت سے بڑھ کر کسی کی حفاظت نہیں۔ (الحدیث)

جل جلالہ
المُجِیبُ
دعائیں سننے اور قبول کرنے والا

دُعا جلد قبول ہو جائے

کثرت سے اپنی دعاؤں کے ساتھ یَا مُجِیبُ پڑھنے سے دُعائیں جلد قبول ہوتی ہیں

صلی اللہ علیہ وسلم
نَاصِر
مدد دینے والا

۴۵

سوال اور دُعا کا سب سے بہتر اور مبارک طریقہ

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا أَنْتَ أَهْلُهُ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا أَنْتَ أَهْلُهُ وَافْعَلْ بِنَا مَا أَنْتَ أَهْلُهُ فَإِنَّكَ أَهْلُ التَّقْوٰى وَ أَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: جو شخص چاہتا ہو کہ ایسے طریقہ پر اللہ کی بارگاہ میں سوال کرے جو تمام مخلوق کے سوال سے بہتر ہو تو وہ شخص یہ درود شریف پڑھے۔

دُعا کی قبولیت کیلئے عمل

لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

فائدہ: آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص یہ آیت کریمہ پڑھے گا اسکی دُعا ضرور قبول ہوگی

آمدنی میں اضافے کیلئے

مستقل بداومت کے ساتھ یَاوَاسِعُ پڑھنے سے رزق کے دروازے کھل جاتے ہیں اور آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے

الواسع جل جلالہ

وسعت والا

منصور صلی اللہ علیہ وسلم

مدد دیا گیا

۴۶ حلال مال میں اضافے کیلئے درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ ۞

فائدہ: حلال آمدنی میں اضافے کیلئے مغرب کے بعد ۱ مرتبہ اور جمعہ کی نماز کے بعد ۸۰ مرتبہ پڑھیں۔ (ذریعۃ الوصول)

خوشحالی نصیب ہو، تنگدستی دور ہو

سُوْرَةُ الْحَمْدِ شَرِیْف ۞

فائدہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو اپنے گھر میں داخل ہوتے وقت سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص پڑھے گا اس سے تنگدستی دور ہو جائے گی اور فراوانی اور خوشحالی آجائے گی یہاں تک کہ پڑوسیوں پر بھی خرچ کریگا (الدر المنثور)

باوجود گناہ کے مال و اولاد میں زیادتی صلہ رحمی کی وجہ سے ہوتی ہے

الحکیم
بڑی حکمتوں والا

امتحانات میں کامیابی نصیب ہو

فجر کے بعد ۷۸ مرتبہ یَا حَکِیْمُ پڑھنے سے امتحانات میں کامیابی نصیب ہوتی ہے

مصباح
چراغ

۴۷

امتحان اور انٹرویو میں کامیابی کیلئے

رَبِّ صَلِّ عَلٰی نَبِیِّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجَلَّھَا وَاقْضِ لِیْ بِجَاھِہٖ حَوَائِجِیْ کُلَّھَا وَصَلِّ عَلَیْہِ کَمَا اَنْتَ اَھْلُھَا وَسَلِّمْ وَ شَرِّفْ وَکَرِّمْ دَائِمًا ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: امتحان میں کامیابی کیلئے ہر نماز کے بعد ۳ مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں اور انٹرویو سے قبل ۱۱ مرتبہ پڑھ کر سینے پر دم کریں جوابات میں آسانی ہوگی۔

ہر قسم کے امتحان میں کامیابی حاصل ہو

یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ ۞

فائدہ: ہمہ قسم کے امتحانات میں کامیابی کیلئے فجر کی نماز کے بعد ۱۰ مرتبہ یہ دعا پڑھیں یہ مشائخ کا مجرب عمل ہے۔

محبت بڑھانے کیلئے عمل

۳۰۰ مرتبہ عشاء کے بعد یاوَدُوْدُ پڑھ کر شیرینی پر دم کر کے دونوں میاں بیوی کھائیں آپس میں محبت بڑھ جائیگی

الودود جل جلالہ
بڑا محبت کرنیوالا

آمر جل جلالہ
حکم دینے والا

حصولِ محبت کیلئے پاکیزہ عمل

۴۸

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ وَرَأْفَتَكَ وَمَحَبَّتَكَ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَإِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَنَبِيِّكَ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: میاں بیوی کے درمیان محبت کو بڑھانے کے لئے یہ درود شریف ۴۰ مرتبہ پڑھکر شیرینی پر دم کر کے فریقین کو کھلائیں، انشاء اللہ مقصد میں کامیابی ہوگی

محبت میں کامیابی کیلئے عمل

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِیْ يُبَلِّغُنِیْ حُبَّكَ ۞

فائدہ: جو شخص دو رکعت نفل پڑھ کر یہ دعا مانگے گا اللہ تعالیٰ اُس کو جائز محبت میں کامیاب فرمائیں گے

بچہ پیدا ہو تو ساتویں روز عقیقہ کرنا، سر مونڈنا اور اچھا سا نام رکھنا سنت ہے

المجید
بڑی بزرگی والا

جلدی امراض سے نجات کیلئے

چاند کی ۱۳،۱۴،۱۵ تاریخوں کو روزہ رکھے اور فجر کے بعد ۹۹ مرتبہ اور عصر کے بعد ۳۰۰ مرتبہ یَامَجِیْدُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے روزہ افطار کرے

حجازی ﷺ
حجاز والا

۴۹

جلد کی مہلک بیماریوں کیلئے درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّ دَوَاءٍ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ ۞ (ذریعة الوصول)

فائدہ: ہر قسم کی جلدی بیماریوں کے لیے مجرب درود شریف ہے ۱۱ مرتبہ پڑھ کر جسم پر دم کریں۔

برص، جنون اور کوڑھ سے حفاظت کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَالْبَرَصِ وَسَیِّئِ الْاَسْقَامِ ۞ (جواهر البخاری)

فائدہ: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ برص، جنون اور کوڑھ سے نجات کیلئے یہ دعا مانگتے تھے۔

کھانے کے بعد انگلیاں چاٹنا، ہاتھ دھونا، کلی کرنا سنت ہے، اس میں شفاء ہے

دل کے دورہ سے بچنے کیلئے

سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر یَابَاعِثُ ۱۰۱ مرتبہ پڑھنے سے ہارٹ اٹیک سے حفاظت رہتی ہے

الباعث
مُردوں کو زندہ کرنیوالا

ترازی

۵۰

دل کے بندوال کھل جائیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَاۃً مُنَوِّرَۃً لِقُلُوْبِ أَصْحَابِ صُدُوْرِہٖ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: جس کسی کے دل کے وال بند ہوں تو اس درود شریف کو ہر نماز کے بعد ۱۲۱ مرتبہ پڑھ کر سینے پر پھونک ماریں

جملہ امراض قلب کیلئے

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْأَلُکَ قُلُوْبًا اَوَّاھَۃً مُخْبِتَۃً مُنِیْبَۃً فِیْ سَبِیْلِکَ

(مستدرک حاکم)

فائدہ: دل کی روحانی اور جسمانی بیماریوں سے نجات کیلئے اس دُعا کا پڑھنا اکسیر ہے

آپ ﷺ نے فرمایا جس کو دل کا مرض ہو وہ مدینہ کی سات عجوہ کھجوریں کھائے

الشہید
ہر جگہ حاضر و ناظر

اولاد و بیوی کی فرمانبرداری کیلئے

اولاد و بیوی کی فرمانبرداری کے لیے صبح کے وقت ۲۱ مرتبہ یاشہید پڑھیں اللہ تعالیٰ انہیں فرمانبرداری عطا فرمائیں گے

قریشی

۵۱

اولاد فرمانبردار اور تابعدار رہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَنَبِیِّكَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَهٗ رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ وَبَشِیْرًا لِّلْمُطِیْعِیْنَ، وَنَذِیْرًا لِّلْعَاصِیْنَ وَرَؤُوْفًا وَّرَحِیْمًا بِالْمُؤْمِنِیْنَ

فائدہ: صبح وشام ۲۱ مرتبہ یہ درود شریف پڑھکر دعا کریں انشاءاللہ اولاد فرمانبردار اور تابعدار ہو جائیگی

گھر والوں کی نیک بختی کیلئے

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا

فائدہ: گھر والوں کی نیک بختی اور اُنکے ساتھ خوشگوار تعلقات کیلئے یہ قرآنی دعا مانگا کریں نیز اولاد کی اصلاح کے لئے مجرب عمل ہے

اپنے اہل وعیال پر کھلا خرچ کرنا افضل ہے اور صدقہ جاریہ ہے۔

گمشدہ کی تلاش کا عمل

کاغذ کے چاروں کونوں پر اَلْحَقُّ لکھیں اور درمیان میں گمشدہ چیز کا نام لکھیں اور رات کے وقت دُعا مانگیں انشاء اللہ چیز مل جائے گی

الحق
برحق و برقرار رکھنے والا

مضری
مضر والا

۵۲

کھوئی ہوئی چیز مل جائے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَنَبِيِّكَ الَّذِىْ اَرْسَلْتَهٗ رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ وَهَادِيًا لِّلضَّآلِّيْنَ وَشَفِيْعًا لِّلْمُذْنِبِيْنَ ۞

فائدہ: کسی کی کوئی چیز کھو جائے تو مذکورہ درود شریف بکثرت پڑھیں انشاء اللہ چیز مل جائے گی (جذب القلوب الی دیار المحبوب)

جب کوئی چیز گم ہو جائے

اَللّٰهُمَّ رَآدَّ الضَّآلَّةِ وَهَادِیَ الضَّلَالَةِ اَنْتَ تَهْدِیْ مِنَ الضَّلَالَةِ اُرْدُدْ عَلَیَّ ضَآلَّتِیْ بِقُدْرَتِكَ وَسُلْطَانِكَ فَاِنَّهَا مِنْ عَطَآئِكَ وَفَضْلِكَ ۞

فائدہ: اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو یہ دُعا مانگنا مسنون ہے (حصن حصین)

جب کوئی چیز گم ہو جائے تو اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ پڑھنا سنت ہے۔

الوکیل
بڑا کارساز

حادثات سے حفاظت کیلئے

صبح کے وقت ۶۶ مرتبہ یا وَکِیْلُ پڑھنے سے ہر قسم کے حادثات سے حفاظت رہے گی

نبی التوبۃ ﷺ
متوجہ ہونے والا الٰہی

۵۳

حادثہ سے بچاؤ کیلئے درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَمُسْتَحِقُّہٗ

(ذریعۃ الوصول)

فائدہ: ناگہانی حادثہ سے بچنے کیلئے بسم اللہ کیساتھ ۲۱ مرتبہ اس درود شریف کا پڑھنا مجرب ہے

حادثات سے بچنے کی مسنون دعا

اَللّٰھُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْا فَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَّاَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ كُلَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ ۞

(حصن حصین)

فائدہ: جب کسی حادثے کا خطرہ درپیش ہو تو یہ دعا بار، بار مانگنی چاہیے

الْقَوِيُّ جل جلاله

بڑی طاقت قوت والا

سستی و کاہلی دفع کرنے کیلئے

جس کسی کا جسم کمزور اور کم ہمت ہو تو ۱۱۶ مرتبہ یَاقَوِیُّ پڑھے انشاءاللہ جسم جاندار اور باہمت ہو جائیگا

حافظ جل جلاله

یاد رکھنے والا

۵۴

سستی اور کاہلی ختم ہو جائے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَ کُلَّمَا سَھٰی عَنْہُ الْغَافِلُوْنَ وَ عَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ۞

فائدہ: اس درود شریف کو ۱۱ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے سستی اور کاہلی ختم ہو جاتی ہے۔

جسمانی کمزوری سے نجات کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ فَقَوِّ فِیْ رِضَاكَ ضَعْفِیْ وَ خُذْ اِلَی الْخَیْرِ بِنَاصِیَتِیْ وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَھٰی رِضَائِیْ ۞ (کنزل العمال)

فائدہ: حضرت بریدہؓ کو حضور ﷺ نے کمزوری سے نجات کیلئے یہ دُعا سکھلائی تھی۔

جب جمائی آوے تو اس کو مقدور بھر روکنے کی کوشش کرنا سنت ہے۔

ماں کا دودھ بڑھ جائے

اگر دودھ کی کمی ہو تو اسم پاک اَلْمَتِیْنُ کاغذ پر لکھ کر ۴۰ روز تک بچے کی ماں کو پلائیں

اَلْمَتِیْنُ
شدید قوت والا

کَامِلٌ
کامل (پورا)

55

ماں کے دودھ میں برکت کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَنَبِیِّکَ صَلٰوۃً تَعُمُّ بَرَکَاتُھَا وَتُحِیْطُ کَرَامَاتُھَا وَتَشِیْعُ اَنْوَارُھَا ۞ (جذب القلوب الی دیار المحبوب)

فائدہ: جس عورت کے دودھ سے بچہ سیر نہ ہوتا ہو اس کو یہ درود شریف ۲۱ مرتبہ پڑھ کر ایک گلاس دودھ پر دم کر کے ۲۱ روز پلائیں

دودھ کی کمی ختم ہو جائے

وَالْوَالِدٰتُ یُرْضِعْنَ اَوْلَادَھُنَّ حَوْلَیْنِ کَامِلَیْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ یُّتِمَّ الرَّضَاعَۃَ ۞ (القرآن)

فائدہ: آیت مبارکہ کو ۷ مرتبہ پڑھ کر نمک پر دم کریں اور ماش کی دال میں ملا کر کھائیں

بکری، گائے اور اونٹنی کا دودھ پینا سنت ہے، اس سے دودھ بھی بڑھتا ہے

نافرمان بیوی کیلئے عمل

اگر عورت نافرمان ہو تو یَا وَلِیُّ پڑھ کر اس کے سامنے جایا کریں انشاءاللہ درست ہو جائے گی

الولی جل جلالہ
بڑا مددگار اور حمایتی

صادق
سچا

۵۶

بدمزاج بیوی خوش مزاج بن جائے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ مَلَأْتَ قَلْبَہٗ مِنْ جَلَالِکَ وَعَیْنَیْہِ مِنْ جَمَالِکَ فَأَصْبَحَ فَرِحًا مَسْرُوْرًا مُؤَیَّدًا مَنْصُوْرًا ۞ (شرح منہاج لشیخ علامہ کمال الدین دمیری)

فائدہ: جس کی بیوی بدمزاج ہو وہ جمعرات کو ۱۰۱ مرتبہ یہ درود پڑھ کر شیرینی پر دم کر کے کھلائے

زوجہ سے خوشگوار تعلقات کیلئے

رَبَّنَا ھَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّیّٰتِنَا قُرَّۃَ اَعْیُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ۞ (فرقان ۷۴)

فائدہ: گھر میں داخل ہونے سے پہلے ۳ مرتبہ یہ دعاء پڑھ لینے سے انشاءاللہ بیوی سعادت مند ہو جائیگی

کالی کلوٹی عورت جو اخلاق سے آراستہ ہو بہتر ہے اس حسینہ سے جو بد اخلاق ہو

الحمید جل جلالہ
لائق تعریف

فحش گوئی سے نجات کیلئے

اگر کوئی فحش گو ہو تو ۹۰ بار یَا حَمِیْدُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں انشاء اللہ بدزبانی کا مرض جاتا رہے گا

امین صلی اللہ علیہ وسلم
امانت دار

۵۷

بہترین اخلاق وخصائل کے حصول کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَوْصُوْفِ بِأَفْضَلِ الْأَخْلَاقِ وَالشِّيَمِ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: جو شخص اپنی زبان پر اس درود شریف کا ورد رکھے گا اللہ رب العزت اُسے اَخلاقِ حمیدہ نصیب فرمائیں گے

فحش گوئی سے بچنے کی مسنون دُعا

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ
(الترمذی)

فائدہ: فحش گو آدمی استغفار کی کثرت کرے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو فحش گوئی سے بچنے کیلئے استغفار کرنے کو فرمایا



عذاب قبر سے نجات کیلئے

شب جمعہ میں ۱۱۱ مرتبہ یَا مُحْصِی پڑھنے والا عنایت خداوندی سے عذاب قبر سے محفوظ رہے گا



۵۸ قبر سے جنت تک آسانی ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی کُلِّ نَبِیٍّ وَّمَلَکٍ وَّوَلِیٍّ عَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ وَعَدَدَ کَلِمَاتِ رَبِّنَا التَّامَّاتِ الْمُبَارَکَاتِ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ : جو شخص ہر نماز کے بعد اس درود شریف کو تین بار پڑھے گا تو ہر وہ معاملہ جو بندے کا فرشتے کے ساتھ ہوتا ہے آسان ہو جائے گا

قیامت کی رسوائی سے بچنے کی دعاء

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰی رُسُلِکَ وَلَا تُخْزِنَا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ۞ (القرآن)

فائدہ: قیامت کی رسوائی سے بچنے کی یہ مسنون دعاء ہے ہر نماز کے بعد مانگنی چاہیے

کوئی رشتہ دار بد سلوکی کرے تو اس کے ساتھ حسن سلوک کرنا سنت ہے

المُبدِئُ جل جلالہ
پہلی بار پیدا کرنیوالا

اسقاط حمل سے حفاظت رہے

یا مُبدِئُ کا ورد کرتے ہوئے خاوند اپنی بیوی کے پیٹ کے ارد گرد ۷ مرتبہ انگلی پھیرے حفاظت رہے گی

کلیم اللہ ﷺ
اللہ سے کلام کرنے والا

۵۹

حفاظت حمل کیلئے درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ ۞

فائدہ : اس درود شریف کو ہر شب جمعہ میں ۱۱۱ مرتبہ پڑھا جائے تو انشاءاللہ حمل محفوظ رہیگا

اسقاط حمل سے بچنے کی دعا

اَسْتَوْدِعُ اللّٰہَ مَا فِیْ بَطْنِكِ ۞ (ابن جوزی)

فائدہ: جس عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو تو اس کا شوہر جب بھی اپنی بیوی سے جدا ہو تو یہ دعا پڑھا کرے

المُعِیْدُ جل جلالہ
دوبارہ پیدا کرنیوالا

بھاگے ہوئے شخص کی واپسی کیلئے

بھاگے ہوئے شخص کی واپسی کے لیے رات کے وقت گھر کے چاروں کونوں میں ۷۰ مرتبہ یا مُعِیْدُ پڑھیں انشاءاللہ واپس آجائے گا

الحبیب جل جلالہ
اللہ کا دوست

٦٠

گم شدہ شخص واپس آجائے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَنَبِيِّكَ وَهَادِيًا لِلضَّالِّيْنَ وَشَفِيْعًا لِلْمُذْنِبِيْنَ ۞

فائدہ: اگر کوئی شخص گم ہو جائے تو اس درود شریف کو رات سونے سے پہلے ۷۰ مرتبہ پڑھیں (جذب القلوب الی دیار المحبوب)

گھر سے غائب ہونے والے فرد کیلئے

اَللّٰهُمَّ رَادَّ الضَّالَّةِ وَهَادِيَ الضَّلَالَةِ اَنْتَ تَهْدِيْ مِنَ الضَّلَالَةِ اُرْدُدْ عَلَيَّ ضَالَّتِيْ بِقُدْرَتِكَ وَسُلْطَانِكَ فَاِنَّهَا مِنْ عَطَائِكَ وَفَضْلِكَ ۞

فائدہ: اگر کوئی فرد غائب ہو جائے تو یہ دُعا لکھ کر دروازے کی چوکھٹ کے ساتھ لٹکا دیں اور ۱۰۱ مرتبہ پڑھیں (حصن حصین)

راستہ بھولے ہوئے شخص کو راہ بتلانا نیکی ہے اور سنت ہے۔ (ترمذی)

المحیی
زندگی دینے والا

فالج وعرق النساء کے درد کیلئے

فالج زدہ آدمی ۲۱ روز تک ۷ مرتبہ یا مُحیِی پڑھے اور عرق النساء کے درد کے لیے ۷ روز تک ۷ مرتبہ پڑھ کر دم کرے

نبی اللہ
اللہ کا راز دار

۶۱

ہر قسم کے درد، فالج اور جملہ امراض کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّ دَوَاءٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: فالج اور عرق النساء اور ہر قسم کے درد کے لیے ۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور پانی پئیں

چار بلاؤں سے حفاظت کیلئے

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۞

حضور علیہ السلام نے فرمایا (اے قیصر) فجر کی نماز کے بعد تین مرتبہ یہ کلمات کہہ لیا کرو اللہ تعالیٰ تمہیں جذام، جنون، اندھاپن اور فالج سے محفوظ رکھیں گے

ہر قسم کی تکلیف کیلئے معوذتین (۳) بار پڑھ کر دم کرنا سنت ہے۔

سرکش نفس پر قابو پانے کیلئے

جس کا نفس سرکش ہو اور اطاعت پر آمادہ نہ ہو تو وہ سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر یا مُمِیتُ پڑھتے پڑھتے سو جائے

اَلْمُمِیْتُ
موت دینے والا

صَفِیُّ اللّٰہ
اللہ کا خالص دوست

۶۲

نفس کو مغلوب کرنے کیلئے درود شریف

صَلَّى اللهُ سُبْحَانَهٗ وَبِحَمْدِهٖ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِهٖ وَ رَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ ۞

فائدہ: جو شخص فرض نماز کے بعد ۷ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اُس کا نفس ہمیشہ مغلوب رہے گا

نفس کے فتنہ سے حفاظت کیلئے

اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْا فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّاَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ

فائدہ: نفس کے فتنہ سے حفاظت کیلئے مذکورہ بالا دعاء ہر وقت مانگتے رہنا چاہیے

لوگوں کی خدمت کرنا سنت ہے (اس سے نفس کی بھی اصلاح ہوتی ہے)

کینسر اور ہیپاٹائٹس کیلئے

کینسر اور ہیپاٹائٹس کیلئے ۷۰ مرتبہ یَا حَیُّ پڑھ کر مریض پر دم کریں اور پانی میں گھول کر پلائیں

٦٣

مہلک امراض سے چھٹکارے کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّدَوَاءٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ ۝

فائدہ: تمام مہلک امراض سے چھٹکارے کیلئے اس درود پاک کو ۱۷ مرتبہ پڑھکر دم کریں اور پلائیں۔

ہر موذی مرض سے نجات کیلئے

اَسْئَلُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَنْ یَّشْفِیَکَ

(بخاری، مسلم، ترمذی)

فائدہ: آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو شخص یہ دعا سات مرتبہ پڑھکر مریض پر دم کرے گا اللہ تعالیٰ اسے سوائے موت کے ہر مرض سے شفاء عطا فرمائیں گے۔

ڈپریشن سے نجات کیلئے

ڈپریشن کے شکار افراد مغرب اور عشاء کے درمیان ۱۱ مرتبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ پڑھا کریں

اَلْقَیُّوْمُ

سب کو قائم رکھنے والا

حَسِیْبُ

کافی

۶۴

ذہنی سکون کی نعمت حاصل ہو

صَلَّی اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلٰی نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ ۞

فائدہ: یہ درود شریف امام شافعیؒ سے منقول ہے۔ اس کو فجر سے پہلے اور عصر کے بعد ۸۰ مرتبہ پڑھنے سے ذہنی سکون حاصل ہوتا ہے **(ذریعۃ الوصول)**

ذہنی خلفشار کو دور کرنے کیلئے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ اِیْمَانًا یُّبَاشِرُ قَلْبِیْ وَیَقِیْنًا صَادِقًا حَتّٰی اَعْلَمَ اَنَّہٗ لَا یُصِیْبُنِیْ اِلَّا مَا کَتَبْتَ لِیْ وَرِضًا بِمَا قَسَمْتَ لِیْ ۞ (الدر المنثور)

فائدہ: اگر کسی کا ذہن ہر وقت سوچوں میں مصروف رہتا ہو اور اسے ذہنی پریشانی اور گھبراہٹ ہو تو اسے یہ دعا پڑھنی چاہیے

بیماری میں دوا لینا اور علاج کرانا مسنون ہے مگر شفاء میں نظر اللہ پر رکھے۔

الواجدُ جل جلالہ

ہر چیز کو پالینے والا

تقویت اور نورانیت قلب کیلئے

جو شخص روٹی کے ہر لقمہ پر یَاوَاجِدُ پڑھکر کھائے تو اُسکے قلب کو تقویت اور نورانیت حاصل ہوگی

مجیبُ جل جلالہ

قبول کرنے والا

٦٥

دل میں پختگی ایمان حاصل ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۞

فائدہ: اس درود شریف کو بکثرت پڑھنے سے دل کی سیاہی ختم ہو جائیگی اور ایمان کا نور پیدا ہو جایگا

ہدایت کی بقاأور گمراہی سے بچنے کیلئے دُعا

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنَا وَھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ ۞ (ال عمران:۷)

فائدہ: یہ دُعاء ہدایت کی بقا اور گمراہی سے بچنے کے لیے مانگتے رہنا چاہیے اور اسکے پڑھنے سے ایمان پر خاتمہ ہوگا

ہر ماہ چاند کی تیرہ چودہ اور پندرہ کو روزہ رکھنا سنت ہے۔ (الحدیث)

عمل کی مقبولیت کیلئے

جو شخص یَا مَاجِدُ کو وظیفہ بنالے اُسکا قلب منور ہو اور اعمال کو مقبولیت حاصل ہو

الْمَاجِدُ
بزرگی اور بڑائی والا

شَكُورُ
شکر گزار

٦٦

اعمال کو نکھارنے اور مقبول بنانے کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِكَ، وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا كَذَالِكَ ۞ (ذریعۃ الوصول)

فائدہ: جس عمل کے اول آخر ۱۰ مرتبہ یہ درود شریف پڑھا جائے گا وہ عمل نکھر جائے گا اور بارگاہ خداوندی میں انشاءاللہ قبول ہوگا۔

قبولیت عبادت کیلئے دُعا

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۞ (القرآن)

فائدہ: یہ دُعا اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم اور اسماعیل علیہم السلام کو خانہ کعبہ کی تعمیر کے موقع پر سکھائی تھی۔ ہمیں بھی اپنی عبادات کی قبولیت کے لیے یہ دُعا مانگنی چاہیے۔

ہر شخص کی دُعا قبول ہوتی ہے جب تک کہ وہ جلدی نہ کرے۔ (ابن ماجہ)

الواحد
اکیلا، تن تنہا

نیند نہ آنا

اگر کسی کو نیند نہ آئے تو ۱۰۰۰ مرتبہ یَا وَاحِدُ پڑھے انشاءاللہ سکون کی نیند آئے گی

مقتدِ
صلی اللہ علیہ وسلم
میانہ روی سے چلنے والا

۶۷

تنہائی میں ڈرنا اور بدخوابی کا شکار ہونا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی اللَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی النَّھَارِ اِذَا تَجَلّٰی ۞

